Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 ہفتہ ، 3 اکتوبر 2026ء ، 20 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 163

دوسرے صوبے میں 16 ارب کا ہیلی کاپٹر خریدا گیا اس کا کسی کو پتہ نہیں مریم نواز

پاکستان میں پالیسی کا تسلسل نہ ہونا ترقی کی راہ میں حائل، ہر حکومت کو پانچ سال پورے کرنا چاہیے اگر وہ اچھا کام کررہی ہے‘ مریم نواز شریف

پنجاب میں زیادہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت رہنے سے گورننس کا معیار اچھا ہے، دہشت گردی پنجاب میں اب ان شاء اللہ نظر نہیں آئیگی

وزیراعلیٰ مریم نواز سے نیشنل کمانڈ اتھارٹی سینئر آفیسر لیڈرشپ کورس کے وفد کی ملاقات، چیف سیکرٹری کی پنجاب حکومت سے متعلق امور پر بریفنگ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو گوجرانوالہ ماس ٹرانزٹ پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہر حکومت کو پانچ سال پورے کرنا چاہیے اگر وہ اچھا کام کررہی ہے، پاکستان میں پالیسی کا تسلسل نہ ہونا ترقی کی راہ میں حائل ہوجاتا ہے، پنجاب میں زیادہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت رہنے سے گورننس کا معیار اچھا ہے، دہشت گردی پنجاب میں اب انشاء اللہ نظر نہیں آئیگی، ہمارے بچپن میں خیبر پختونخواہ کے (بقیہ نمبر 10)

پاکستان گلوبل ہیلتھ سمٹ 2026ء کا اعلامیہ جاری

پاکستان کا مشترکہ عالمی ذمہ داری کے طور پر ذہنی صحت کے فروغ کے عزم کا اظہار

ذہنی صحت کسی ایک ملک کی نہیں بلکہ پوری عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت صحت حکومت پاکستان کے زیر اہتمام پاکستان گلوبل ہیلتھ سمٹ 2026 کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس میں پاکستان نے مشترکہ عالمی ذمہ داری کے طور پر ذہنی صحت کے فروغ کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 11)

شمالی وزیرستان سکیورٹی فورسز کا آپریشن، 7 خوارج ہلاک

فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو بھی تباہ کردیا گیا، سکیورٹی ذرائع

شمالی وزیرستان/اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 7 خوارج مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے عیدک میں انٹیلی (بقیہ نمبر 14)

پنجاب کی جیلوں میں تلاشی اور سکیورٹی مزید سخت کرنے کا حکم

قیدیوں سے خطرناک ہتھیار یا ممنوعہ اشیا برآمد ہونے پر متعلقہ افسران وعملے کے خلاف بھی کارروائی ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کی جیلوں میں قیدیوں کے پاس خودساختہ یا خطرناک ہتھیاروں کی موجودگی روکنے کے لئے تلاشی اور سکیورٹی مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک (بقیہ نمبر 13)

آئی ایم ایف کے پاکستان کیساتھ مذاکرات

مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز، پاکستان کا معاشی آؤٹ لک مستحکم ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات میں آئی ایم ایف نے مارکیٹ بیسڈ ایکسچینج ریٹ رکھنے پر زور دیتے ہوئے مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز دی (بقیہ نمبر 12)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کے تحت سٹرٹیجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس جلد ریاض میں ہوگا، سینیٹر محمد اسحاق ڈار

وزیراعظم کا دورہ امریکہ نتیجہ خیز رہا نائب وزیراعظم

12 سال بعد اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں تنازعات کے پرامن حل کی قرارداد متفقہ طور پر منظور، کشمیر، فلسطین اور سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کا دوٹوک موقف؛ وزیراعظم کا اقوام متحدہ میں جاندار اور جامع خطاب

حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود دو اور تین پہیوں والی اور 800 سی سی تک چار پہیوں والی گاڑیوں کو فیول ریلیف دیا، کفایت شعاری اور ایندھن پر ریلیف دینے کیلئے اجلاس منعقد کئے

وزیراعظم کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، سیکرٹری جنرل یو این اور دیگر عالمی شخصیات سے ملاقاتیں کامیاب رہیں، ملک اور اسلام کے دفاع کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، میڈیا کو بریفنگ

اسلام آباد (اے پی پی): نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستانی وفد کا دورہ امریکہ انتہائی مفید اور نتیجہ خیز رہا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب اور کئی عالمی رہنماؤں سے ملاقاتوں کے دوران ایران-امریکہ جنگ میں ثالثی کیلئے پاکستان کی سفارتی کوششوں، آبنائے ہرمز اور باب المندب کی بندش، تنازعہ کشمیر، مسئلہ فلسطین، حالیہ پاک-بھارت جنگ اور سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی کے حوالے سے پاکستان کا جامع اور مدلل موقف پیش کیا، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کے تحت سٹرٹیجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس جلد ریاض میں ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو یہاں (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں نومولود غائب، پولیس کا والدہ پر الزام

بچے کے مبینہ طور پر غائب ہونے کا روزنامچہ اسپتال میں پولیس چوکی پر درج کردیا

پشاور (این این آئی) لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور میں نومولود کے غائب ہونے کا الزام والد نے اسپتال انتظامیہ پر عائد کردیا جبکہ پولیس نے والدہ پر بچہ کسی کو دینے کا الزام لگایا ہے۔ چارسدہ کے علاقہ شب قدر کے رہائشی حشمت علی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 15)

پنجاب میں نئے انفرادی اسلحہ لائسنس پر پابندی برقرار

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے نئے اسلحہ لائسنس کے اجرا کے حوالے سے اہم وضاحت جاری کر دی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے ترجمان کی جانب سے (بقیہ نمبر 16)

پاکستان، روس میں مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات

پاکستان اور روس کے درمیان توانائی، زراعت، غذائی تحفظ، سیاحت اور آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں

پاکستان کو اس کے آبی حقوق سے محروم کرنے کی کوئی بھی کوشش اعلان جنگ کے مترادف ہوگی، اویس لغاری کا روسی خبررساں ادارے کو انٹرویو

اسلام آباد (این ای این) پاکستان کے وفاقی وزیر توانائی اور پاکستان-روس بین الحکومتی کمیشن کے شریک چیئرمین اویس لغاری نے روسی خبر رساں ادارے سپوتنک کو انٹرویو دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف عالمی سطح پر صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات کے ہر موقع سے مستفید ہوئے، اور دونوں رہنماؤں نے قریبی تعلقات میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ ان کے بقول روس کا تعاون (بقیہ نمبر 5)

نائب وزیراعظم/وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (SSGCL) کے یو ایف جی نقصانات پر اعلیٰ سطحی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

راولپنڈی، 323 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

ڈی سی کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری دانیال چوہدری کی زیر صدارت اجلاس، اراکین اسمبلی اور متعلقہ حکام کی شرکت

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے اور تکنیکی وانتظامی رکاوٹیں فوری دور کرکے کام کی رفتار مزید تیز کرنے کے احکامات

راولپنڈی (این ای این) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور وفاقی پارلیمانی سیکرٹری دانیال چوہدری کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں راولپنڈی میں جاری اور نئے ترقیاتی (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی میں پڑوسی نے 9 سالہ بچے کو گلا دبا کر قتل کردیا

ملزم کا بظاہر ذہنی توازن درست نہیں جبکہ وجہ سامنے نہیں آسکی، ذرائع

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں امتیاز مارکیٹ چاکرہ کے قریب پڑوسی نے 9 سال کے بچے کو گلا گھونٹ کر قتل کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق راولپنڈی کے علاقے چاکرہ میں پڑوسی نے 9 سال کے بچے خرم علی کو گلا دبا کر قتل کردیا جبکہ ملزم موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی شناخت کاشی کے نام سے ہوئی جس کا بظاہر ذہنی توازن درست نہیں جبکہ قتل کی وجہ تا حال نہیں آسکی۔ پولیس کے مطابق فورنزک ٹیموں نے موقع سے (بقیہ نمبر 17)

پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ملکی ٹیکسٹائل صنعت عالمی منڈیوں میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کررہی ہے، جبکہ یہ شعبہ ملکی معیشت اور برآمدات میں (بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی کا اجلاس، تنازعات کے پرامن حل پر زور

زیر التوا معاملات کو نمٹایا جائے، ڈپٹی کمشنر مری

اے ڈی سی ریونیو، اے سی مری اور متعلقہ ایس ایچ اوز کی شرکت، عوامی شکایات کے بروقت ازالے کا جائزہ

تنازعات کے حل میں کمیٹی کے کردار کو اہم قرار دیتے ہوئے مکمل شفافیت، غیر جانب داری اور زیر التوا کیسز کو جلد نمٹانے کی ہدایات

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈی سی آفس مری میں ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی (DRC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں تنازعات کے پرامن حل، عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور مصالحتی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عمر اویس کیانی، اسسٹنٹ کمشنر مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال، محکمہ ریونیو کے افسران اور متعلقہ ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ روایتی عدالتی چارہ جوئی کے بوجھ کو کم کرنے اور باہمی رضامندی سے تنازعات (بقیہ نمبر 6)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی (DRC) کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور بورڈ نے آن سکرین مارکنگ کیلئے موک ٹیسٹ کا آغاز کردیا

پائلٹ پروجیکٹ کے پہلے روز تین تعلیمی اداروں کے طلبہ سے ای شیٹ پر امتحان لیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ نے آن سکرین مارکنگ سسٹم کے لیے موک ٹیسٹ کا آغاز کردیا، پائلٹ پروجیکٹ کے پہلے روز تین تعلیمی اداروں کے طلبہ سے (بقیہ نمبر 24)

لاہور: صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر دیگر عہدیداران کے ہمراہ سابق میئر لاہور خواجہ احمد حسان کو یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

ایم ٹو موٹروے کے قریب گاڑی سے 5 ارب کی منشیات برآمد

برآمد چرس کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 5 ارب 40 کروڑ روپے ہے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے ماتحت کسٹمز انفورسمنٹ نے انسداد اسمگلنگ کی بڑی کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ حکام کے مطابق ایم ٹو موٹروے کے قریب (بقیہ نمبر 25)

بین الاقوامی سہ ملکی کرکٹ سیریز راولپنڈی میں سکیورٹی وانتظامی انتظامات کا جائزہ

ڈی سی ندیم ناصر اور سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی زیر صدارت اہم اجلاس، سکیورٹی، پارکنگ اور ٹریفک مینجمنٹ کا تفصیلی جائزہ

سٹیڈیم کے اطراف سکیورٹی کو مربوط بنانے اور تمام متعلقہ محکموں کو باہمی تعاون کے ساتھ انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایات

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں سری لنکا، پاکستان اور انگلینڈ کے مابین ہونے والی سہ ملکی ون ڈے سیریز، سری لنکا کی ٹی ٹوئنٹی سیریز اور ٹیسٹ میچز کے حوالے سے سکیورٹی اور دیگر انتظامی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل (بقیہ نمبر 2)

نامعلوم ملزمان کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

مقتول کو رات گئے گھر سے اغوا کیا گیا تھا، جسے فائرنگ کرکے شہید کردیا گیا

پشاور (این این آئی) پشاور میں گڑھی میرا کچھوڑی میں نامعلوم ملزمان نے پولیس اہلکار کو شہید کردیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کو رات گئے گھر سے اغوا کیا گیا تھا جسے بعدازاں فائرنگ کرکے شہید کردیا گیا۔ ادھر ٹانک سول ہسپتال جنڈولہ میں پولیس پر نامعلوم (بقیہ نمبر 19)

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کے سرسید امام رضا کریم کے انتقال پر سابق رکن قومی اسمبلی قادر خان مندوخیل مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور ایصال

پنڈی گھیب، جوا کھیلنے والے 3 افراد گرفتار، ایک لاکھ 90 ہزار روپے برآمد

پنڈی گھیب (این این آئی) تھانہ پنڈی گھیب پولیس نے قماربازوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تاش کے ذریعے جوا کھیلنے والے 3 افراد کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی ایک لاکھ 90 ہزار روپے کی رقم قبضہ میں لے لی۔ پولیس کے مطابق سرچ آپریشن کے دوران اطلاع ملی کہ چند افراد کچھ راستہ رونده کنٹ میں (بقیہ نمبر 20)

سکیورٹی فورسز کی جاری کامیاب کارروائیوں پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی جاری کامیاب کارروائیوں پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عیدک میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے 7 دہشت گرد ہلاک کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔

آغا محسن علی خان پٹھان CNS کورٹ نمبر 2 کراچی کے جج مقرر

سپریم کورٹ کے نامور وکیل آغا محسن علی خان پٹھان کی دلی مبارکباد

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ سے تعلق رکھنے والی معزز قانونی شخصیت آغا محسن علی خان پٹھان ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کو کنٹرول آف نارکوٹک سبسٹینسز (CNS) کورٹ نمبر 2 کراچی کا جج مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے اس موقع پر ان کی نئی ذمہ داریوں کے آغاز پر نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید (بقیہ نمبر 7)

سی سی ڈی کا مبینہ مقابلہ، زیر حراست 2 ملزمان ہلاک

ہلاک ملزمان رانا جمشید اور اویس 2 درجن سے زائد سنگین وارداتوں میں ملوث تھے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے کاہنہ میں سی سی ڈی کا ایک اور مبینہ پولیس مقابلہ ہوا، جس میں زیر حراست 2 ملزمان ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان کی شناخت رانا جمشید اور اویس کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان (بقیہ نمبر 21)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو گوجرانوالہ ماس ٹرانزٹ پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے

پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں ریکارڈ اضافہ

گزشتہ ماہ 8 لاکھ 56 ہزار سے زائد شہری لائسنسنگ سہولیات سے مستفید ہوئے

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر پنجاب بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا عمل جاری ہے جبکہ گزشتہ ماہ لائسنسوں کے اجراء میں ریکارڈ 34 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ ماہ پنجاب بھر (بقیہ نمبر 22)

بہاولنگر، نشے کی لعنت نے ایک اور گھر اجاڑ دیا

تین بچوں کا باپ انجکشن کی نذر ہوکر زندگی کی بازی ہار گیا

بہاولنگر (این این آئی) بہاولی چوک ہارون آباد روڈ پر نشے کی لت نے ایک اور ہنستا بستا گھر ماتم کدہ میں بدل دیا۔ 30 سالہ نوجوان زائد مقدار میں نشہ آور ٹیکے لگانے سے تڑپ تڑپ کر جاں بحق ہوگیا، لاش گلی میں پڑی دیکھ کر علاقے کے لوگوں نے ریسکیو کو (بقیہ نمبر 23)

تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر

پیرودھائی بس سٹینڈ کو اسٹیٹ آف دی آرٹ بس سٹینڈ میں تبدیل کرنے کا منصوبہ، جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی

صدر انجمن تاجران راولپنڈی عبدالغفور پراچہ کی قیادت میں تاجر وفد کا ڈی سی کیپٹن (ر) ندیم ناصر سے ملاقات

راولپنڈی (این ای این) انجمن تاجران راولپنڈی کے صدر عبدالغفور پراچہ کی سربراہی میں تاجروں کے وفد نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں شہر میں ٹریفک و پارکنگ کے مسائل، پیرودھائی بس سٹینڈ، راجہ ماڈل بازار، راجہ بازار پارکنگ پلازہ، لوڈنگ گاڑیوں کے اوقات کار، سیوریج اور بارش کے دوران نکاسی آب سمیت دیگر اہم شہری مسائل (بقیہ نمبر 9)

جیل میں قیدی کی ہلاکت، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو معطل

نااہلی، غفلت اور خلاف ضابطہ طرز عمل پر کامران مقبول کیخلاف کارروائی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے کوٹ لکھپت جیل میں قیدی کی ہلاکت کے معاملے پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو کامران مقبول کو معطل کر دیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو سینٹرل جیل لاہور کو نااہلی، غفلت اور خلاف ضابطہ طرز عمل پر معطل کیا گیا، ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ پر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ سمیت 6 اہلکار پہلے ہی معطل کیے جا چکے ہیں۔ ترجمان کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے جیل خانہ جات میں (بقیہ نمبر 27)

سیلاب متاثرہ علاقوں کے سروے کیلئے ایس او پیز مرتب کرنے پر غور

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیلاب سے متاثر ہونے والے نشیبی علاقوں میں گراؤنڈ پوزیشننگ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے کیے جانے والے سروے اور اس کی کراس (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، مساجد کے اطراف چونے کا چھڑکاؤ اور وارننگ نوٹس جاری

سکواڈ کی جانب سے 270 انسپکشنز کی گئیں جبکہ صفائی قوانین کی خلاف ورزی پر 20 افراد کو وارننگ نوٹس جاری

صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک ماحول کی فراہمی کے لیے فیلڈ آپریشنز کو مزید مؤثر بنایا جارہا ہے، رانا ساجد صفدر

راولپنڈی (این ای این) ستھرا پنجاب اتھارٹی راولپنڈی نے جمعہ کے روز شہر اور تحصیلوں کی مساجد کے اطراف خصوصی صفائی کے ساتھ چونے کا چھڑکاؤ بھی کیا، انسدادِ سموگ اقدامات کے تحت مختلف علاقوں میں دن اور رات کے اوقات میں سڑکوں کی واشنگ اور سویپنگ کی گئی۔ سڑکوں کے کناروں اور اطراف میں موجود مٹی کے خاتمے کے لیے سکریپنگ بھی کی گئی تاکہ گرد و غبار کے پھیلاؤ کو کم کرکے فضائی آلودگی پر قابو پانے میں مدد مل سکے، ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی راولپنڈی رانا (بقیہ نمبر 8)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر اور سابق رکن قومی اسمبلی شیخ روحیل اصغر جوڑے پل پر مریم نواز ہیلتھ کلینک کا افتتاح کررہے ہیں

کمشنر راولپنڈی ڈویژن کا رنگ روڈ راولپنڈی منصوبے پر پیش رفت کے جائزہ کے لئے سائٹ کا دورہ

باقی ماندہ کام جلد مکمل کرنے اور ٹھلیاں انٹرچینج کا ورک پلان طلب

کمشنر راولپنڈی کی رنگ روڈ سائٹ پر پیش رفت کا جائزہ، ٹول پلازوں، ویئنگ اسٹیشنز اور روڈ سائن ایج کے کام فوری شروع کرنے کی ہدایات

رنگ روڈ کو معاشی ترقی اور روزگار کا گیم چینجر قرار دیتے ہوئے تعمیراتی معیار برقرار رکھنے اور مقررہ ٹائم لائن کے اندر کام مکمل کرنے پر زور

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے رنگ روڈ راولپنڈی کا سائٹ وزٹ کیا اور منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر آر ڈی اے، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر، ایف ڈبلیو او حکام و دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر سلمان غنی نے ہدایت کی کہ زیادہ سے زیادہ وسائل متحرک کرتے ہوئے منصوبے کے تمام باقی ماندہ کام (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گوجرانوالہ میں سابق ایم این اے محمود بشیر ورک کی رہائشگاہ پر مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کررہی ہیں

ABC Certified | MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اوزون آلودگی

یورپی یونین کے فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے والے ادارے کوپرنیکس ایٹماسفیئر مانیٹرنگ سروس کے مطابق لاہور دنیا کے ان چند شہروں میں شامل ہو چکا ہے جہاں زمین کی سطح پر اوزون آلودگی خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے۔ فضا کی بلندیوں پر اوزون کی تہہ زمین کو سورج کی نقصان دہ شعاعوں سے بچاتی ہے' تاہم زمین کی سطح کے قریب اوزون کی زیادہ مقدار انسانی صحت' ماحولیاتی نظام اور زرعی پیداوار کیلئے انتہائی خطرناک سمجھی جاتی ہے۔ یہ آلودگی گاڑیوں اور کارخانوں کے دھوئیں اور فصلوں کی باقیات کے جلائے جانے اور دیگر گیسوں کے تیز دھوپ اور گرمی میں کیمیائی ردِعمل سے بنتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق لاہور میں گاڑیوں کی بڑھتی تعداد اور صنعتی اخراج سمیت مختلف عوامل اس آلودگی کا سبب بن رہے ہیں۔

اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو یہ مسئلہ سموگ کی طرح دیگر بڑے شہروں تک بھی پھیل سکتا ہے۔ ماحولیاتی اداروں کو اوزون آلودگی کے تدارک کیلئے بروقت اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ آلودگی کی یہ قسم چونکہ مختلف گیسوں کے باہمی ردِعمل سے بنتی ہے' اس لیے اس پر قابو پانے کیلئے ان گیسوں کے اخراج کو کم کرنا ہوگا۔ اس کیلئے گاڑیوں کے دھویں کی مؤثر جانچ' صنعتی اخراج کی سخت نگرانی' صاف ایندھن کا فروغ' فصلوں کی باقیات جلانے کی روک تھام اور فضائی آلودگی کی مسلسل نگرانی جیسے اقدامات ضروری ہیں۔

''رہائی'' اور چین کا ہاتھ

رسول بخش رئیس

نظریاتی اور پھر تزویراتی کشمکش ہمارے ملک کی آزادی کے چند برسوں بعد شروع ہو چکی تھی۔ دوسری عالمی جنگ نے سب کچھ بدل کر رکھ دیا تھا۔ اس کے نتائج سے ہمارے جیسے ملکوں میں آزادی کی تحریکوں نے زور پکڑا۔ اس وقت پوری سامراجی طاقتیں اتنی بے جان اور تھک ہار چکی تھیں کہ انہیں ہمیں آزاد کرنے میں اب کچھ ہی دیر باقی تھی۔ برطانیہ تو یہاں سے ایسا بھاگا کہ بے شمار وسائل ہمارے لیے چھوڑ گیا۔ ایسا کرتے ہوئے اسے اپنی اخلاقی اور ریاستی ذمہ داریاں بھی یاد نہ رہیں۔ وہ بڑی طاقت اب واجبی طور پر تھا۔ یورپ کی ماضی کی ایسی سبھی طاقتیں اب نام کی رہ گئی تھیں۔ ان کی جگہ سوویت یونین اور امریکہ نے لے لی تھی۔ دنیا کا تزویراتی نقشہ تبدیل ہو رہا تھا۔ مشرقی یورپ کی ریاستوں اور جرمنی کے آدھے حصے پر سوویت یونین کا قبضہ تھا' جہاں راتوں رات کمیونسٹ جماعتیں اقتدار میں آئیں اور ایسے سبھی دھڑے جو روسی فوج کی سرپرستی اور سائے میں تیار ہوئے تھے انہوں نے وہی کچھ کیا جو لینن اور سٹالن نے روس میں کیا تھا۔ آہستہ آہستہ اشتراکی نظریے اور انقلابی تحریکوں نے بعد از نوآبادیاتی ممالک میں پڑھے لکھے لوگوں' خصوصاً دانشوروں' ادیبوں' شاعروں اور نوجوانوں کو بہت متاثر اور متحرک کر رکھا تھا۔ روسی انقلاب کا اثر چین میں ماؤزے تنگ کی انقلابی تحریک پر بھی پڑا تھا مگر چیئرمین ماؤ کا اپنا نظریہ اور اپنا انداز تھا۔ ان میں قدر مشترک صرف کارل مارکس اور لینن تھے جن کے نظریات میں ماؤ نے ترمیم اور اضافہ کیا تھا۔ پہلی عالمی جنگ کے بعد روس میں انقلاب سے مغرب بہت ناخوش تھا۔ اس کے خلاف کئی خفیہ اور پُرتشدد تحریکیں چلائی گئیں' معاشی اور سفارتی پابندیاں عائد کی گئیں اور یہاں تک کہ نئی انقلابی حکومت کو کم از کم دو دہائیوں تک تسلیم نہیں کیا' نہ سفارتی روابط رکھے۔ دوسری عالمی جنگ اور جرمنی کی لشکر کشی اور توسیع پسندی جب ایک مشترکہ خطرہ بن کر ابھری تو سوویت یونین اور امریکہ نے ایک دوسرے کا اتحادی بننے کیلئے عہد و پیمان کر لیے۔ مگر جنگ میں فتح کے بعد امریکہ نے محسوس کیا کہ جرمنی کا خطرہ ٹلنے کے بعد اب اس کے عالمی غلبے کی راہ میں اشتراکیت سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

عالمی سیاست میں جنگ' امن اور اتحاد' قومی مفاد' جس کا تعین کسی بھی ریاست کے حکمران کرتے ہیں' سفارت کاری کے بنیادی عقائد اور اس کی مرکزی اخلاقیات میں سے ہیں۔ باقی سب کہانیاں ہیں۔ اپنے مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے ریاستیں وہ حربے استعمال کرتی ہیں جو اگر کوئی عام آدمی کرے تو جرائم کے زمرے میں آئیں گے۔ یہاں تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں۔ جیتی جاگتی مثال ہم سب کے سامنے ہے۔ غزہ میں نسل کشی اور ایران کے خلاف ظالمانہ اور غیر انسانی جنگ ہم سب نے گھر بیٹھے سکرینوں پر بے بسی کے ساتھ دیکھی ہے۔ جب اشتراکی بلاک اور مغربی بلاک' جس کی قیادت امریکہ کے ہاتھ میں تھی' نے بعد از نوآبادیاتی ممالک میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کیلئے تگ و دو شروع کی تو ان کے درمیان تناؤ کی ایسی کیفیت پیدا ہوئی جسے آپ نہ امن کہتے ہیں نہ جنگ' اور اس کا نام سرد جنگ پڑ گیا۔ دونوں جانب پروپیگنڈا کیلئے ہمارے ملکوں کی قومی زبانوں میں وہ اپنے نظریے' تاریخ' شناخت اور ترقی کے کارناموں کو اجاگر کرنے کیلئے ترجمے کراتے' سستے داموں اور اکثر مفت تقسیم کرتے۔ لاہور میں اپنے طالب علمی کے زمانے میں انارکلی کی دوسری جانب پیپلز پبلشنگ ہاؤس تھا جو روس میں شائع ہونے والی کتابیں بیچا کرتا تھا۔ وہاں ہمیں لینن اور سٹالن کے بڑے بڑے رنگین پوسٹر بھی مل جاتے۔ گورکی کی کتاب "ماں" کا ترجمہ اور دیگر کچھ کتب وہاں سے خریدی تھیں۔ چین بھی اس میں پیچھے نہ تھا۔ انارکلی بازار کے پچھلے حصے' نیلا گنبد کی طرف' ایک چھوٹی سی دکان تھی جہاں ماؤزے تنگ کی تحریریں، "چین باتصویر" اور ماؤ کی ٹوپی بھی مل جاتی تھی۔ چین اور روس کی کتابیں ان کے ملکوں میں ترجمہ ہوتیں اور وہاں سے چھپ کر یہاں تقسیم ہوتیں۔ روس اور چین کے مقابلے میں امریکہ نے کام بہت منظم اور خفیہ طریقے سے کیا۔ آج تک لوگوں کو' حتیٰ کہ بڑے بڑے پڑھے لکھے لوگوں کو بھی معلوم نہیں کہ عالمی نظریاتی پروپیگنڈا جنگ میں اس نے کیا کیا حربے استعمال کیے اور وطنِ عزیز میں کون کون سا ادیب' شاعر اور لکھاری اس کی خدمت پر مامور تھا۔ اس بارے میں میری اپنی معلومات بھی واجبی سی رہیں کہ یہ میرا ابھی موضوعِ تحقیق نہ تھا۔ اب ملک میں نئی نسل کے ایسے چند محققین سے ملاقات ہوئی ہے۔ ایک بہت بڑی عالمی کانفرنس' جو لاہور میں منعقد ہوئی' میں ان کی باتیں سنیں تو امریکی پروپیگنڈا کے طریقۂ کار کے پردے تحلیل ہو گئے۔ یہاں ادبی دنیا کے بڑے بڑوں کے نام معلوم ہونے کے باوجود ان کے بارے میں یہ درویش خاموش رہے گا' اس لیے کہ یہ اُس کھوجی کا کام ہے جس نے امریکہ کے آرکائیوز ٹٹول کر ثبوت نکالے ہیں۔ یہ اُس کا حق بنتا ہے۔ جب وہ اپنی کتاب تحریر اور شائع کریں گے تو پھر اس پر بات ہوگی۔

نظریاتی پروپیگنڈا سے میری پہلی واقفیت اُس وقت ہوئی جب امریکی جامعہ میں پہلے ہی سمسٹر میں مجھے تائیوان کے ایک پروفیسر کے ساتھ معاون استاد نامزد کر دیا گیا۔ وہ چین کی سیاست پر کورس پڑھا رہے تھے۔ میری معاونت یہ تھی کہ ہر ہفتے کلاس کے تین چار گروپ بنا کر میں مزید تفصیل میں بات کرتا اور وہ نکات' جو طلبہ مشکل سمجھتے تھے' ان کی مزید تشریح کر دیتا۔ ایک کتاب انہوں نے لازمی مطالعے کیلئے مقرر کر رکھی تھی جس کا عنوان تھا "ماؤزے تنگ کا قیدی"۔ اگر آپ پڑھیں تو یہ تاثر پیدا کرتی ہے کہ ہٹلر تو کچھ بھی نہیں تھا۔ پاکستان میں ایسی کتابوں کا' جو اشتراکیت کو ایک ظالمانہ اور غیر انسانی نظام اور نظریہ سمجھنے کا تاثر پیدا کرتی تھیں' امریکہ نے بہت ہی رازداری سے بڑے بڑے ناموں اور مقاموں کے ادیبوں کے قلم سے ترجمہ کروایا' اور مطبع خانوں سے معاہدہ کر کے شائع کروایا' اور لاکھوں کی تعداد میں مفت سرکاری کتب خانوں اور بازاروں میں رکھوا دیں۔ ایک کتاب کا عنوان تھا "رہائی" مگر وہی کتاب اصل عنوان کے ساتھ اردو میں ہی بھارت میں شائع ہوئی: "سرخ چین سے فرار" جو ایک سابق چینی سفیر کی داستان ہے۔ سوال یہ ہے کہ یہاں یہ کتاب اصل عنوان کے ساتھ 1951ء میں کیوں نہ چھپی؟ تب پاکستان کی ایجنسیوں اور سیاستدانوں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ انقلابِ چین کو ناراض ہرگز نہیں کرنا۔ دوسری جانب وہ امریکہ کی ان کارستانیوں سے واقف ہونے کے باوجود اسے بھی ناراض نہیں کر سکتے تھے۔ "رہائی" میں کچھ ابہام تھا اور ایسا محسوس ہوا کہ یہ سب ادیبوں کے اپنے اپنے رجحانات ہیں' جس کے مطابق دنیا کے عظیم ادب کے ترجمے کر کے وہ پاکستانیوں کی نذر کر رہے ہیں۔ اب بھی وہی دھندا جاری ہے' جس کے بارے میں بہت کچھ معلوم ہے مگر راوی خاموش رہنے کا رجحان رکھتا ہے۔ آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ڈرا ہوا ہے۔ میرا خیال ہے کہ چین کے بارے میں جو فیصلے ابتدائی برسوں میں ہوئے' ان پر ہمیں فخر کرنا چاہیے اور اپنے قائدین کی بصیرت کو سلام کرنا چاہیے۔ چند دن پہلے ایک بہت بڑے بابے سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ عام بابا نہیں تھا۔ اس ملاقات پر پوری زندگی مشکور رہوں گا۔ جہاں دیدہ ہے اور ایسا انسان جو اَب پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھ کر پوری دنیا کو دیکھ رہا ہے۔ ان سے نصیحت کی درخواست کی تو دعا کے علاوہ فرمایا: "چین کا ہاتھ نہ چھوڑنا۔ امریکہ ناقابلِ اعتماد ہے۔ آپ کا مستقبل چین کے ساتھ ہے"۔

شی ٹرمپ ملاقات اور بھارت کی مایوسی

ڈاکٹر رشید احمد خاں

ستمبر کے آخری ہفتے میں چین کے صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دعوت پر امریکہ کا تین روزہ دورہ کیا۔ یہ ان کا امریکہ کا پہلا دورہ نہیں تھا۔ انہوں نے صدر ٹرمپ کے پہلے دورِ صدارت کے دوران 2017ء میں بھی امریکہ کا دورہ کیا تھا مگر اُس اور حالیہ دورے میں بہت فرق ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ 2017ء سے اب تک دنیا بہت بدل چکی ہے۔ خود صدر ٹرمپ کی چین کے بارے میں پالیسی اور رویے میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ 2016ء کے صدارتی انتخاب میں کامیاب ہو کر جب ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوری 2017ء میں اقتدار سنبھالا تو ان کے سر پر چین' امریکہ کی معیشت اور سٹرٹیجک بالادستی کیلئے سب سے بڑے چیلنج کی حیثیت سے سوار تھا۔ اس کی ذمہ داری وہ اپنے پیشرو' صدر باراک اوباما کی پالیسیوں پر ڈالتے تھے' جنہوں نے اپنے دورِ حکومت میں Pivot to Asia کے نظریے کے تحت چین کے ساتھ تعاون کی پالیسیوں کو فروغ دیا تھا۔ صدر ٹرمپ نے اپنی پہلی صدارتی مدت کے دوران اور دوسری مدت کے آغاز میں چین کے خلاف جارحانہ پالیسی کا مظاہرہ کیا تھا لیکن تقریباً دو سال کے بعد انہیں نظر آ گیا کہ اس سے چین کے بجائے امریکہ کو نقصان ہو رہا ہے' اس لیے انہوں نے سابقہ پالیسی کے انداز کو بدلنے کا فیصلہ کیا۔ اس کا ثبوت واشنگٹن سربراہی کانفرنس کے موقع پر امریکی صدر کی طرف سے اپنے چینی مہمان کیلئے بے مثال مہمان نوازی' تعریفی کلمات اور عالیشان پروٹوکول سے ملتا ہے۔ صدر ٹرمپ صدر شی کے استقبال کیلئے خود ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ اگرچہ سابقہ امریکی صدور' مثلاً آئزن ہاور اور جان ایف کینیڈی بھی اپنے زمانے میں کئی مہمانوں کو لینے کیلئے خود ایئرپورٹ گئے اور خود صدر ٹرمپ نے بھی صدر شی کے علاوہ اور مہمانوں کو یہ اعزاز بخشا ہے مگر 23 ستمبر کو اینڈریو ایئربیس پر صدر ٹرمپ نے امریکن فرسٹ لیڈی میلانیا ٹرمپ کے ساتھ صدر شی اور اُن کی بیگم کو جہاز کی سیڑھیوں سے اترتے ہی جس گرم جوشی سے خوش آمدید کہا اس کی مثال نہیں ملتی۔ ابھی دونوں رہنماؤں کے درمیان رسمی اور باضابطہ بات چیت بھی نہیں ہوئی تھی کہ صدر ٹرمپ نے میڈیا کے ساتھ گفتگو میں جو پہلا جملہ کہا وہ یہ تھا کہ ''میں نے اور صدر شی نے آپس میں پکی دوستی قائم کر لی ہے''۔

اندازہ کیجیے کہ اپنی نیشنل سکیورٹی پالیسی کی دستاویز میں چین کو امریکہ کیلئے سب سے سنگین خطرہ قرار دینے والے امریکی صدر کو صرف دو سال بعد اپنے سب سے بڑے حریف کو پکا دوست کہنا پڑا۔ صدر شی کا دورۂ امریکہ تین دن پر محیط تھا۔ اس دوران دونوں رہنماؤں نے اپنے اپنے وفود کیساتھ اہم مسائل پر گفتگو کی بلکہ صدر ٹرمپ اور صدر شی نے تقریباً ایک گھنٹہ تنہائی میں ون آن ون ملاقات کی لیکن دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں کسی بڑی پیش قدمی کا اعلان نہیں کیا گیا۔ نہ ہی متنازع مسائل مثلاً تائیوان' ٹیرف' ساؤتھ چائنا سی اور مشرقِ وسطیٰ میں جنگ پر کسی سمجھوتے یا مفاہمت کا اعلان کیا گیا۔ حتیٰ کہ کانفرنس کے انعقاد پر کوئی مشترکہ بیان بھی جاری نہیں کیا گیا۔ اس کانفرنس نے اگر کوئی کامیابی حاصل کی تو یہ کہ دونوں کے درمیان ٹیرف کی جنگ میں جو عارضی فائر بندی پہلے سے موجود ہے' اس میں جنوری 2027ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کے مقابلے میں ٹرمپ نے صدر شی کی اس درخواست کو کہ امریکہ تائیوان کو ہتھیار فروخت کرنا بند کر دے' رد کر دیا۔ بلکہ یہ کہہ کر کہ امریکہ ساری دنیا میں ہتھیار فروخت کرتا ہے اور اسی پالیسی کے تحت وہ تائیوان کو بھی ہتھیار فروخت کر رہا ہے' امریکی صدر نے اپنے چینی مہمان کو پیشکش کی کہ چین چاہے تو امریکہ اسے بھی اپنے ہتھیار فروخت کرنے کیلئے تیار ہے۔ مگر تائیوان کے بارے میں امریکی پالیسی اور ہتھیار بیچنے کا مسئلہ اتنا سادہ نہیں۔ تائیوان چین کیلئے نیشنل سکیورٹی کا سب سے بڑا مسئلہ ہے کیونکہ کیمونسٹ انقلاب (1949ء) سے پہلے یہ جزیرہ چین کا حصہ تھا مگر چینی خانہ جنگی میں امریکی نواز چیانگ کائی شیک کی فوجوں نے شکست کھا کر اس میں پناہ لے لی تھی۔ اس وقت سے امریکہ اس کا چین کے حملے کے خلاف دفاع کرتا چلا آ رہا ہے' لیکن 1972ء میں امریکہ اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کے بعد امریکہ پیپلز ری پبلک آف چائنا کو تمام چین کی نمائندہ حکومت تسلیم کرتا ہے۔ مگر دوسری طرف اس کی تائیوان پر پالیسی بہت مبہم ہے۔ ایک طرف اس کی پالیسی ون چائنا پر مبنی ہے مگر تائیوان میں بعض سیاسی عناصر کی طرف سے جزیرے کو ایک آزاد ملک قرار دینے کی مخالفت نہیں کرتا بلکہ تائیوان کو کسی ممکنہ چینی حملے کا مقابلہ کرنے کیلئے جدید ترین ہتھیار فروخت کرتا ہے۔ ہتھیاروں کی فروخت کے اس قسم کے ایک پیکیج کا امریکہ نے اعلان کر رکھا ہے مگر چین کے سخت اور پُرزور احتجاج پر صدر ٹرمپ نے اسے معرضِ التوا میں رکھا ہے۔

واشنگٹن کی سربراہی کانفرنس کے موقع پر صدر شی نے صدر ٹرمپ سے تائیوان کو ہتھیاروں کی فروخت کو مستقل طور پر بند کرنے کی درخواست کی تھی لیکن صدر ٹرمپ نے اس سے اتفاق نہیں کیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امریکہ میں تائیوان کی ایک مضبوط لابی موجود ہے اور کانگریس نے ایک قانون منظور کر رکھا ہے جسکے تحت ہر امریکی حکومت تائیوان کو ہتھیار فروخت کرنے کی پابند ہے۔ دوسرے الفاظ میں امریکہ اور چین کے تعلقات کسی وقت بھی کشیدہ ہو سکتے ہیں کیونکہ ماضی کی طرح مستقبل میں بھی چین امریکہ کی طرف سے تائیوان کو ہتھیاروں کی فروخت یا کسی قسم کی یکجہتی کے اظہار پر سخت ردِعمل دے سکتا ہے۔ اس لیے بیشتر تبصرہ نگاروں کی نظر میں شی ٹرمپ واشنگٹن سربراہی کانفرنس نمائش' تکلف' مہمان نوازی اور باہمی ستائش کے لحاظ سے دس میں سے دس نمبروں کی مستحق ہے مگر ٹھوس' بنیادی اور دور رس نتائج کے حامل فیصلوں کے معیار پر ایک تہائی نمبروں کے قابل بھی نہیں۔ مشرقِ وسطیٰ' فلسطین اور ایران کیخلاف جنگ' یکطرفہ فیصلے کرنے کے رویہ اور مصنوعی ذہانت جیسے اہم مسائل پر فریقین میں جو اختلافات ایک عرصے سے چلے آ رہے ہیں وہ بدستور قائم ہیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں چینی مندوب وائس چیئرمین ہینگ زینگ کی تقریر حقیقت کو واضح کرتی ہے لیکن اسکے باوجود اس سربراہی کانفرنس کے دنیا بھر میں چرچے ہوئے اور ہمارے ہمسایہ ملک بھارت میں تو اسکے بعد سراسیمگی کا عالم نظر آتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کانفرنس کے بعد صدر شی اور صدر ٹرمپ کے مابین نومبر میں ایشیا پیسفک اکنامک کوآپریشن اور دسمبر میں جی 20 کی سربراہی کانفرنسوں کے موقع پر ملاقاتیں ہونے والی ہیں۔ ابھی تک دونوں رہنماؤں میں آٹھ ملاقاتیں ہو چکی ہیں' جن میں پانچ صدر ٹرمپ کے پہلے اور تین دوسرے دور میں ہوئی ہیں۔ ان ملاقاتوں میں دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات یا عالمی اور علاقائی مسائل پر اختلافات مکمل طور پر ختم نہیں ہوئے مگر دونوں رہنماؤں کے درمیان ایک مفاہمتی سوچ کی بنیاد پڑ رہی ہے کہ اختلافات' مسابقت اور مفاداتی تصادم کے باوجود دونوں ملک مقابلے کی فضا میں رہتے ہوئے بھی پُرامن طور پر آگے بڑھ سکتے ہیں بشرطیکہ دونوں میں تصادم اور محاذ آرائی نہیں ہونی چاہیے۔ چین اور امریکہ کے درمیان اس مفاہمت کی بنیاد پڑنے سے بھارت کو سخت مایوسی ہوئی ہے کیونکہ 1950ء کی دہائی سے آج تک بھارت کی علاقائی اور عالمی پالیسیوں کی بنیاد اس مفروضے پر رکھی گئی ہے کہ چین اور امریکہ کے درمیان محاذ آرائی دائمی ہے اور اس میں بھارت امریکہ کے اتحادی کے طور پر کردار ادا کر سکتا ہے' لیکن چین کی بقائے باہمی کے اصولوں پر مبنی خارجہ پالیسی نے دنیا میں ایسے حالات پیدا کر دیے ہیں کہ خود بھارت کے تجزیہ کار اور سفارتی حلقے اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ شی اور ٹرمپ کے درمیان دوستی نے بھارت کی سٹرٹیجک اہمیت کو کم کر دیا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

بچپن کے صدمات کیلئے والدین کو ذمہ دار ٹھہرانا بند کریں، فرح سعدیہ

آج کل ہر مسئلے کا الزام والدین پر ڈالنا ایک رجحان بن چکا ہے، اداکارہ و میزبان

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ و میزبان فرح سعدیہ نے والدین کو بچپن کے صدمات اور زندگی کے مسائل کا ذمہ دار ٹھہرانے کے بڑھتے رجحان پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ فرح سعدیہ نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ویڈیو میں کہا کہ آج کل ہر مسئلے کا الزام والدین پر ڈالنا ایک رجحان بن چکا ہے، حالانکہ والدین ہمیشہ غلط نہیں ہوتے۔ اگر کوئی شخص اپنی غلطیوں کی ذمہ داری لینے کے بجائے مسلسل والدین کو موردِ الزام ٹھہراتا رہے تو اس میں خود پسندی کی خصوصیات پیدا ہوسکتی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ مینٹل ہیلتھ کے مسائل والدین میں بھی ہوسکتے ہیں اور بعض صورتوں میں ان کا رویہ بچوں کیلئے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر بعض صارفین نے ان کی بات سے اتفاق کیا جبکہ دیگر کا کہنا تھا کہ والدین کے رویوں سے پیدا ہونے والے صدمات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

اداکارہ یامی گوتم کی ہارر کامیڈی فلم ''نئی نویلی'' کے ٹریلر نے دھوم مچادی

ممبئی (این این آئی) اداکارہ یامی گوتم کی ہارر کامیڈی فلم ''نئی نویلی'' کے ٹریلر نے دھوم مچادی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق فلمساز آنند ایل رائے کی ہارر کامیڈی فلم نئی نویلی میں یامی گوتم ڈائن بنی ہیں جبکہ دیگر کرداروں میں ادیناتھ، بالاجی، موہن و دیگر شامل ہیں۔

اداکارہ عائشہ عمر خواتین اور بچوں کے حق میں بول پڑیں

یہ سوال کیوں نہیں پوچھا جاتا کہ مرد جنسی تشدد کا ارتکاب کرتے کیوں ہیں؟ عائشہ عمر

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عائشہ عمر جنسی تشدد کا نشانہ بننے والی خواتین اور بچوں کے حق میں بول پڑیں۔ عائشہ عمر نے اپنی انسٹا اسٹوری پر ایک پوسٹ شیئر کی ہے جس میں جنسی تشدد کا ارتکاب کرنے والے مردوں کو سزا دینے کے بجائے متاثرہ خواتین کو موردِ الزام ٹھہرانے کے رجحان پر شدید تنقید کی ہے۔ اداکارہ کی جانب سے شیئر کی گئی پوسٹ میں لکھا ہے کہ مرد خواتین، بچوں، جانوروں اور یہاں تک کہ مردوں کو بھی جنسی تشدد کا نشانہ بناتے ہیں لیکن پھر بھی سوالات خواتین کے لباس، وقت اور ان کے گھر سے باہر نکلنے پر اٹھائے جاتے ہیں۔

معروف گلوکار مسعود رانا کی برسی 4 اکتوبر کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) معروف گلوکار مسعود رانا کی 31 ویں برسی 4 اکتوبر کو منائی جائے گی۔ مسعود احمد رانا 9 جون 1938ء کو میرپور خاص کی مشہور زمیندار فیملی میں پیدا ہوئے، ان کے آباؤ اجداد کا تعلق جالندھر سے تھا جو قیام پاکستان سے قبل ہی ہجرت کر کے سندھ میں رہائش اختیار کر چکے تھے۔ مسعود رانا نے کسی سے موسیقی کی تعلیم حاصل نہیں کی، وہ محمد رفیع سے متاثر تھے۔

سپورٹس SPORTS

میسی ارجنٹینا کیلئے آخری میچ کھیلنے سے قبل ڈاکٹر بن جائیں گے

6 اکتوبر کو میسی کے خصوصی الوداعی میچ میں ارجنٹائن کا مقابلہ بینن سے ہوگا

بیونس آئرس (اے ایف پی) ارجنٹائن کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی کے شاندار کیریئر میں ایک اور منفرد اعزاز شامل ہونے جارہا ہے۔ یونیورسٹی آف بیونس آئرس نے انہیں ڈاکٹر ہونورس کاسا کی اعزازی ڈگری دینے کا اعلان کیا ہے جو یونیورسٹی کی جانب سے دیا جانے والا سب سے بڑا اعزاز ہے۔ یونیورسٹی کی سپیریئر کونسل نے متفقہ طور پر میسی کو یہ اعزاز دینے کی منظوری دی۔ ادارے نے میسی کی غیر معمولی صلاحیت، مسلسل محنت، عاجزی اور ارجنٹائن کی نمائندگی کے لیے ان کے عزم کو سراہا۔ میسی 6 اکتوبر کو یہ اعزازی ڈاکٹریٹ وصول کریں گے۔ اسی روز چند گھنٹے بعد میسی ارجنٹائن کی قومی ٹیم کے لیے اپنا آخری میچ کھیلنے کے لیے مونومینٹل اسٹیڈیم میں میدان میں اتریں گے۔

رونالڈو نے قومی ٹیم کا ٹریننگ کیمپ چھوڑنے کی وجہ بتادی

لزبن (اے ایف پی) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے قومی ٹیم کا ٹریننگ کیمپ چھوڑنے کا اعلان کر دیا، جس کے بعد ان کے اور نئے ہیڈ کوچ جارج جیسس کے درمیان اختلافات کی خبریں گردش کرنے لگی ہیں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے اور نئے ہیڈ کوچ جارج جیسس کے درمیان اختلافات کی خبریں سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا پر وضاحت دیتے ہوئے بتایا کہ کوچ کی پریس کانفرنس اور پرتگالی فٹبال فیڈریشن کے صدر سے گفتگو کے بعد میں نے کیمپ چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہ مناسب وقت پر پرتگالی عوام کو اپنے فیصلے کی وجوہات سے آگاہ کروں گا۔ یہ پیش رفت اس وقت ہوئی جب کرسٹیانو رونالڈو کو ناروے کے خلاف نیشنز لیگ کے میچ میں میدان میں نہیں اتارا گیا۔

آئرلینڈ کے دورہ پاکستان کے شیڈول میں تبدیلی کا امکان

لاہور (اے ایف پی) زمبابوے کے پاکستان نہ آنے پر آئرلینڈ کے دورہ پاکستان کے شیڈول میں تبدیلی کا امکان ہے جہاں آئرلینڈ کے اس دورے کے دوران 6 ون ڈے میچز کھیلنے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئرلینڈ کے درمیان سیریز تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز پر مشتمل ہوگی جبکہ تین ون ڈے میچز پاکستان شاہینز کے ساتھ ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیریز معاملات کے لیے پاکستان اور آئرلینڈ کے بورڈز کے درمیان بات چیت جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق معاملات طے پانے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ سیریز کا باقاعدہ اعلان کرے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ آئندہ برس جنوری میں پاکستان، زمبابوے اور آئرلینڈ کے درمیان سہ ملکی ون ڈے سیریز کی تجویز تھی جبکہ اس دوران آئرلینڈ کے تین ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز اور ایک ٹیسٹ کی بھی تجویز تھی۔ ذرائع کے مطابق ممکنہ طور پر زمبابوے کی عدم شرکت کے بعد اب مجوزہ سیریز کے شیڈول میں ردوبدل کیا جارہا ہے۔

ویسٹ انڈیز کے مسلم کرکٹر کے سجدے کے چرچے

گوہاٹی (اے ایف پی) بھارت کے خلاف دوسرے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز کے بیٹر عامر جنگو نے شاندار سنچری اسکور کرنے کے بعد میدان میں سجدہ کیا جب کہ ویسٹ انڈیز کے 3 بیٹرز نے اننگز میں سنچریاں بنا کر تاریخ رقم کردی۔ بھارت کے شہر گوہاٹی میں کھیلے جارہے 3 میچوں کی سیریز کے دوسرے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز کے بلے بازوں نے شاندار بیٹنگ کی بدولت 405 رنز کا پہاڑ کھڑا کردیا اور بھارت کو جیت کے لیے 406 رنز کا ہدف دے دیا۔ ویسٹ انڈیز کے بلے باز عامر جنگو نے 70 گیندوں پر [illegible] سجدہ [illegible] عامر جنگو 70 گیندوں [illegible] نے 65 گیندوں پر سنچری بنا کر ریکارڈ قائم کیا تھا۔

پاک سری لنکا ٹی 20 سیریز کے ٹکٹوں کی فروخت کا اعلان

لاہور (اے ایف پی) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کے ٹکٹوں کی فروخت کا اعلان کردیا گیا ہے، جس کے مطابق شائقین 3 اکتوبر سے آن لائن جبکہ 5 اکتوبر سے [illegible] ٹکٹ خرید سکیں گے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پاکستان اور سری لنکا کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز 9 سے 13 اکتوبر تک راولپنڈی میں کھیلے جائیں گے۔ [illegible] آن لائن ٹکٹ 3 اکتوبر سے دستیاب ہوں گے جبکہ فزیکل ٹکٹ 5 اکتوبر سے ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز پر فروخت کیے جائیں گے۔

نیلام عام

ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کا متفرق سامان (فرنیچر، آپریشن کے آلات، بائیو میڈیکل کا سامان، ہیوی ایکوپمنٹ) کی نیلامی مندرجہ ذیل اوقات میں ہو گی۔ جس میں مالی طور پر مستحکم لوگ حصہ لے سکتے ہیں۔

نمبر شمار	زرضمانت (CDR)	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	نیلام عام (تاریخ، وقت)
1	100,000/- روپے	2000/- روپے	15-10-2026 دن 11:30 بجے

اگر کسی وجہ سے بولی یا اس کا کچھ حصہ کو منسوخ کر دیا گیا تو مندرجہ ذیل اوقات کے مطابق بولی دوبارہ ہوگی۔

نمبر شمار	زرضمانت (CDR)	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	نیلام عام (تاریخ، وقت)
1	100,000/- روپے	2000/- روپے	21-10-2026 دن 11:30 بجے

اگر کسی وجہ سے بولی یا اس کا کچھ حصہ کو منسوخ کر دیا گیا تو مندرجہ ذیل اوقات کے مطابق بولی تیسری بار ہوگی۔

نمبر شمار	زرضمانت (CDR)	ٹینڈر فیس (ناقابل واپسی)	نیلام عام (تاریخ، وقت)
1	100,000/- روپے	2000/- روپے	28-10-2026 دن 11:30 بجے

1. نیلامی جہاں ہے جیسے کی بنیاد پر ہوگی۔
2. سامان مقررہ تاریخ میں دفتری اوقات میں دیکھا جاسکتا ہے۔
3. نیلامی میں حصہ لینے کے لیے بولی دہندگان مقررہ تاریخ سے پہلے ٹینڈر فیس ہسپتال ہذا کے [illegible] کے پاس جمع کروائیں۔
4. نیلامی میں حصہ لینے والے افراد کو [illegible] (CDR) قابل واپسی زرضمانت جمع کروانا ہوگا۔
5. زرضمانت، کال ڈیپازٹ (CDR) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کے نام [illegible]
6. کامیاب بولی دہندہ کو موقع پر 25% [illegible]
7. کامیاب بولی دہندہ کو [illegible]
8. چیئرمین آکشن کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ [illegible] منسوخ کرسکے۔

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی 051-9290359

IPL-10372

Procurement Notice (NIT)
PROCUREMENT OF ENT EQUIPMENTS (PACKAGE NO. 31) ON DAP BASIS FOR ESTABLISHMENT OF FEDERAL GOVERNMENT POLYCLINIC (PGMI)-II AT G-11/3, ISLAMABAD.
REF No.P137211

REQUEST FOR BIDS
PROCUREMENT OF GOODS

1. The **Infrastructure Development Authority, Punjab** (Establishment of Federal Government Polyclinic (PGMI-II), Islamabad) has reserved Funds for the procurement planned for **FY 2026-27**. The **Infrastructure Development Authority, Punjab (Establishment of Federal Government Polyclinic (PGMI-II), Islamabad)** intends to apply part of the proceeds of this Fund to cover eligible payments under the contract for the **"PROCUREMENT OF REFRIGERATION EQUIPMENT LOCAL (PACKAGE NO. 28, LOT-B) ON DDP BASIS FOR ESTABLISHMENT OF FEDERAL GOVERNMENT POLYCLINIC (PGMI)-II AT G-11/3, ISLAMABAD"** with the reference of **"P137211"**.
2. The **Infrastructure Development Authority, Punjab (Establishment of Federal Government Polyclinic (PGMI-II), Islamabad)** invites sealed Bids from eligible Bidders for procurement of goods described in the bidding documents on **EPADS v2.0**.
3. **Single Stage-Two Envelope** will be used by adopting **Least Cost Based Selection (LCBS)** Technique for the subject procurement, in line with the Public Procurement Rules, 2004 and Regulations, Regulatory Guides, Procurement Guidelines or Instructions issued by the Authority from time to time. All Bids must be accompanied by a Bid Security amounting described in Bid Security Section in the form of **Pay Order, Banker's Cheque, Call at Deposit, Bank Guarantee** or all bids must be accompanied by bid securing declaration in the form specified in the Bidding documents.
5. E-Bidding documents, containing detailed terms & conditions, specifications and requirements etc. are available on **e-Pak Acquisition and Disposal System (EPADS)** at **https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements/137211** for all the interested bidders registered on **EPADS v2.0**. Bidders are required to get themselves registered on **EPADS v2.0** to participate in Bidding process.
6. The e-bids, prepared in accordance with the instructions in the e-Bidding Documents, must be submitted through **EPADS v2.0** on or before **Wednesday, October 21, 2026 03:30 PM**. E bids will be opened using **EPADS v2.0** on the same day at **Wednesday, October 21, 2026 04:00 PM**. Manual submission of Bids shall not be entertained. Those vendors who have not yet registered on the new version of **EPADS v2.0**, may register themselves on **https://vendors.epads.gov.pk/**. A tutorial to explain the registration process is available at **https://www.youtube.com/watch?v=MWIGT38vlfc**.
7. In terms of Rule 48 of Public Procurement Rules, 2004 Grievance Redressal Committee (GRC) is notified for the subject procurement and notification copy is available on the procuring agency's website and on Authority's website at (**www.ppra.org.pk**).

Infrastructure Development Authority,
Punjab (Establishment of Federal Government Polyclinic (PGMI-II), Islamabad), Secretary50, B-III, Gulberg-III, Lahore City, Lahore (District), Lahore Division (Division), Punjab (Province).+92-301-851-8137procurement@idap.pk

IPL-10442

بقیہ 1

منصوبوں کا حلقہ وار تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مجموعی طور پر 323 ارب روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ پیش رفت، تکمیل کی صورتحال اور درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران مختلف حلقوں میں جاری منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جا سکے اور عوام کو ان کے ثمرات جلد فراہم ہوں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے منصوبوں میں حائل تکنیکی و انتظامی رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کرنے اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ برقرار رکھنے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور متعلقہ افسران منصوبوں کی پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی کرتے ہوئے کام کی رفتار کو مزید تیز کریں۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق آئندہ کے لائحہ عمل اور مختلف محکموں کو سونپی گئی ذمہ داریوں پر بھی پیش رفت کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ 2

ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹرز ملیحہ سحر سمیت پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بین الاقوامی کرکٹ میچز کے دوران سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، شائقین کی آمد ورفت، پارکنگ، ایمرجنسی رسپانس اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ محکموں کی جانب سے میچز کے دوران کیے جانے والے انتظامات اور ذمہ داریوں کے حوالے سے بریفنگ بھی دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ میچز کے دوران شائقین کو بہترین سہولیات کی فراہمی، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور تمام انتظامات کو بروقت مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ فرائض سرانجام دیں تاکہ شہریوں اور کرکٹ شائقین کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ سٹیڈیم اور اطراف میں سکیورٹی کے تمام انتظامات کو مربوط بنایا جائے۔ انہوں نے ٹریفک پولیس اور دیگر اداروں کے ساتھ مؤثر کوآرڈینیشن یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں سٹیڈیم کے اطراف ٹریفک کی روانی، پارکنگ ایریاز، شائقین کے داخلے واخراج کے راستوں، سکیورٹی چیکنگ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مربوط پلان پر بھی غور کیا گیا۔ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ تمام انتظامات کی پیشگی تکمیل اور فیلڈ میں مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ راولپنڈی میں بین الاقوامی کرکٹ میچز کا انعقاد شہر کے لیے اہم سرگرمی ہے، اس لیے شائقین اور شہریوں کو محفوظ اور منظم ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ میچز کے دوران اپنے فرائض ذمہ داری اور باہمی تعاون کے ساتھ انجام دیں۔ اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں کو اپنی ذمہ داریوں کے مطابق جامع انتظامات مکمل کرنے اور باہمی رابطہ مؤثر رکھنے کی ہدایت کی گئی تاکہ بین الاقوامی کرکٹ سیریز کے دوران سکیورٹی، ٹریفک اور شہری سہولیات کے انتظامات بہترین انداز میں یقینی بنائے جا سکیں۔

بقیہ 3

ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے ٹول پلازوں اور وینگ سٹیشنز کے سول ورکس فوری طور پر شروع کرنے، ٹول آپریشنز کے لیے ضروری ہارڈویئر اور سافٹ ویئر کی بروقت خریداری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے مزید کہا کہ رنگ روڈ پر روڈ سائن ایج کو بہتر بنایا جائے تاکہ مسافروں کو راستوں، انٹرچینجز اور ضروری معلومات کے حوالے سے واضح رہنمائی مل سکے اور سفر کو محفوظ بنایا جا سکے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن نے ہدایت کی کہ تھلیاں انٹرچینج کا تفصیلی ورک پلان فوری طور پر پیش کیا جائے اور انٹرچینج پر کام کے آغاز کی تیاریوں کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس انٹرچینج کی بروقت تکمیل سے ٹریفک کی روانی میں بہتری آئے گی، اس لیے متعلقہ امور کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ کمشنر نے منصوبے کی مسلسل مانیٹرنگ، تعمیراتی معیار کی پابندی اور تمام متعلقہ کام مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ سلمان غنی نے کہا کہ راولپنڈی شہر کے لئے گیم چینجر ثابت ہونے والا یہ منصوبہ تکمیل کے مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رنگ روڈ صرف ایک سڑک کا منصوبہ نہیں بلکہ راولپنڈی کی مستقبل کی شہری اور معاشی ترقی کا جامع منصوبہ ہے۔ رنگ روڈ کے ساتھ منصوبہ "اکنامک زونز "روزگار کے نئے مواقع، کاروباری سرگرمیوں اور صنعتی وتجارتی ترقی کو فروغ دیں گے۔

بقیہ 4

میڈیا بریفنگ کے دوران کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ 21 سے 26 ستمبر کے دوران اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس میں شرکت کا موقع ملا، ہر سال کی طرح یہ ایک ایسا موقع تھا جس میں عالمی رہنماؤں کے ساتھ مفید ملاقاتیں ہوئیں، عالمی فورم میں شرکت کا موقع ملا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پاکستانی وفد کی قیادت کی۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں کھلی بحث کے دوران اہم عالمی رہنماؤں بشمول اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے خطاب کئے، اس موقع پر مختلف ممالک کے سربراہوں اور رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتوں کے دوران ہم نے ملکی مفاد، سفارتکاری اور دوطرفہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا جس کے نمایاں نتائج سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اپنی تقریر کے دوران پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان کا علاقائی اور عالمی امور اور چیلنجز پر نقطہ نظر جامع اور موثر انداز میں پیش کیا، اس موقع پر انہوں نے مسئلہ فلسطین اور تنازعہ جموں و کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا دوٹوک موقف اجاگر کیا، وزیراعظم نے حالیہ پاک۔ بھارت جنگ اور سندھ طاس معاہدہ سے متعلق پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا، ایران۔ امریکہ جنگ کے دوران امن اور مذاکرات کے فروغ کو بھی اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس رواں سال 31 دسمبر تک اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی منتخب رکنیت ہے، 2025ء میں پاکستان کو یہ صدارت ملی اور مجھے پاکستان کی نمائندگی کا موقع ملا، تین روزہ تقریبات کے دوران کثیر جہتی اور تنازعات کے پرامن حل پر توجہ مرکوز کی گئی، اس حوالے سے پاکستان کو بہت سراہا گیا، اقوام متحدہ کے کثیر الجہتی اور اقوام متحدہ میں اصلاحات کیلئے ہم نے بھرپور کردار ادا کیا ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں 12 سال بعد کثیر الجہتی اور تنازعات کے پرامن حل کے حوالے سے ہماری قرارداد متفقہ طور پر پہلی منظور کی گئی، یہ عالمی برادری کی جانب سے پاکستان کی کوششوں کے اعتراف کا ثبوت ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ اور او آئی سی کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اپنی تقریر کے دوران ایران۔ امریکہ جنگ کے دوران پاکستان کی سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا جس کے تحت 47 سال بعد ایران اور امریکہ کو ایک میز پر بٹھایا گیا، امریکہ اور ایران کے درمیان 10 اور 11 اپریل کو اسلام آباد میں 21 گھنٹے مذاکرات ہوئے۔

انہوں نے آبنائے ہرمز اور باب المندب کے توانائی کی رسد اور عوام پر منفی اثرات کے حوالے سے بھی آگاہ کیا جس کے نتیجہ میں پاکستان سمیت دنیا بھر میں مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے، حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود اس تناظر میں دو اور تین پہیوں والی اور 800 سی سی تک چار پہیوں والی گاڑیوں کو فیول ریلیف دیا، کفایت شعاری اور ایندھن پر ریلیف دینے کیلئے کئی اجلاس منعقد کئے۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں لوگ اس سکیم سے مستفید ہو رہے ہیں، یہ وزیراعظم کا دلیرانہ اقدام تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں افغانستان سے دہشت گردی کا سامنا ہے جس کے خطرات اور نقصانات کے حوالے سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنی تقریر میں کھل کر دنیا کے سامنے رکھا، انہوں نے سعودی عرب کی حالیہ صورتحال کے حوالے سے خطرات اور حملوں کا معاملہ بھی اپنی تقریر میں اٹھایا، بالخصوص ایران۔ امریکہ جنگ کے دوران پاکستان کی کوششوں بالخصوص چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزارت خارجہ کو سراہا، یہ ان کی جامع، مدلل اور کامیاب تقریر تھی جسے دنیا بھر میں دیکھا گیا اور ان کی تقریر کے دوران تالیاں بجائی گئیں اور سراہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے وفد کے ہمراہ ترقی کے حق کے حوالے سے انتہائی اہم فورم میں شرکت کی اور اس میں پاکستان کا نقطہ نظر اور موقف پیش کیا، وزیراعظم نے گلوبل ڈویلپمنٹ انیشیٹو فورم کے موقع پر اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں، یہ چین کا انیشیٹو ہے، اس میں گلوبل سولائزیشن انیشیٹو، گلوبل سکیورٹی انیشیٹو، گلوبل گورننس انیشیٹو اور گلوبل ڈویلپمنٹ انیشیٹو شامل ہیں۔ چین کے نائب صدر نے بھی اس میں شرکت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف تین مقررین میں شامل تھے، انہوں نے پاکستان کی بہترین نمائندگی کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سربراہان مملکت کے اعزاز میں ضیافت میں شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے کئی ممالک کے سربراہان سے مثبت اور نتیجہ خیز دوطرفہ ملاقاتیں کیں، وائٹ ہاؤس نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کی تصاویر جاری کی ہیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے وفد کے ہمراہ ملاقات کی، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے ہماری دورہ پاکستان کی دعوت قبول کی ہوئی ہے، وہ پاکستان کے بہت بڑے سپورٹر ہیں، پاکستان میں قدرتی آفات کے دوران انہوں نے اہم کردار ادا کیا، ان کے عہدے کی مدت 31 دسمبر کو ختم ہو رہی ہے، امید ہے کہ وہ اس سے پہلے اور جلد پاکستان کا دورہ کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے کویتی ہم منصب، ایرانی صدر، شام کے صدر، بنگلہ دیشی وزیراعظم سمیت دیگر ممالک کے سربراہان کے ساتھ وفد کے ہمراہ مثبت اور مفید ملاقاتیں کیں۔ ایران۔ امریکہ جنگ کے دوران پاکستان نے جنگ بندی میں اہم کردار ادا کیا، لبنان کا علاقہ بھی اس جنگ بندی کا حصہ تھا، اس حوالے سے لبنانی وزیراعظم سے ملاقات بہت اہم تھی جس میں انہوں نے پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کی حمایت کو سراہا۔ وزیراعظم نے یورپی کمیشن اور یورپی کونسل کے سربراہان سے بھی ملاقاتیں کیں اور جی ایس پی پلس سمیت دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ آئی ایم ایف کی ایم ڈی سے ملاقات انتہائی مفید رہی، انہوں نے ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر پاکستان کو سراہا، پاکستان امریکن بزنس لیڈر کے وفد نے بھی ان سے ملاقات کی، انہوں نے بل گیٹس اور پاکستانی نوجوانوں کے وفد سے ملاقات کی۔ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ انہوں نے فلسطین سے متعلق او آئی سی کی چھ ملکی کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی، مصر کی میزبانی میں غزہ سے متعلق آٹھ عرب اسلامی ممالک کے گروپ کے اجلاس میں شرکت کی، ریجنل فور (آر۔ 4) گروپ کے اجلاس میں شرکت کا موقع ملا، جموں وکشمیر سے متعلق او آئی سی رابطہ گروپ اور افغانستان سے متعلق او آئی سی کے رابطہ گروپ کے اجلاسوں میں بھی شرکت کی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے رکن ممالک کیلئے مصنوعی ذہانت سے متعلق اجلاس میں شرکت کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا مکہ معاہدہ کے تحت اجلاس منعقد ہوا، مکہ معاہدہ کے تحت سٹریٹجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی میں ہر ملک سے تین رکن ہیں جس میں تینوں ممالک کے وزراء خارجہ، وزراء دفاع اور چیف آف آرمی سٹاف شامل ہیں، 7 اگست کو مکہ معاہدہ پر دستخط کئے گئے تھے، 31 اگست کو اس کا پہلا اجلاس استنبول میں ہوا، تینوں ممالک کے آرمی چیفس کا خصوصی اجلاس 25 ستمبر کو ریاض میں منعقد ہوا، اس سے پہلے تینوں وزراء خارجہ کی ملاقات نیویارک میں ہوئی کیونکہ حوثیوں کے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ ہوا، پوری سٹریٹجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس جلد ریاض میں ہوگا جس کا اصولی فیصلہ ہو چکا ہے، مکہ معاہدہ کے تحت موجودہ بالخصوص سعودی عرب کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور مستقبل کی حکمت عملی وضع کی جائے گی، اقوام متحدہ کے وبائی، اس کے اثرات اور اس سے بچاؤ کے حوالے سے کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی، گروپ 77 وزراء خارجہ کے اجلاس میں شرکت کی، اس موقع پر ای سی او کی وزراء خارجہ کونسل کے اجلاس کی صدارت کی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبران کے وزارتی اجلاس میں شرکت کی، مشرق وسطی میں امن کیلئے فلسطین کے دو ریاستی حل کے حوالے سے اجلاس میں شرکت کی اور پاکستان کا موقف اجاگر کیا، مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق عرب لیگ اور اسلامی ممالک کے اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایران، کویت، آسٹریا، یونان، بلغاریہ سمیت 28 ممالک کے وزراء خارجہ سے ملاقاتیں کیں۔ فلسطین کے مستقل مندوب سے ملاقات ہوئی، فلسطینی صدر محمود عباس کو مسلسل دوسرے سال ویزا نہیں دیا گیا اور انہوں نے اجلاس میں شرکت نہیں کی، خلیج تعاون کونسل کے سیکرٹری جنرل سے بھی ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اس دورہ کے دوران تین معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔ ایک سوال کے جواب میں نائب وزیراعظم نے کہا کہ حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے اپنی جان بھی قربان کرنے کیلئے تیار ہیں، پاکستان نے ہمیشہ مشکل کی گھڑی میں اپنی ذمہ داری نبھائی ہے، سعودی عرب کے ساتھ دو معاہدے ہیں جن میں باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ شامل ہیں۔ حالیہ پاک۔ بھارت جنگ کے دوران پاکستان کی فتح پر پاکستانی قوم کی طرح ترکیہ اور آذربائیجان کے عوام نے بھی اظہار تشکر کیا۔

بقیہ 5

"علاقائی امن، سلامتی اور معاشی ترقی کے لیے نہایت ضروری "ہے۔ انہوں نے پاکستان اور روس کے درمیان بین الحکومتی کمیشن کو دوطرفہ تعاون کے تمام شعبوں میں پیش رفت کے لیے ایک مؤثر فورم قرار دیا، جس کی وہ روس کے وزیر توانائی سرگئی تسویلیف کے ساتھ مشترکہ سربراہی کر رہے ہیں۔ اویس لغاری نے کہا کہ پاکستان اور روس کے درمیان زراعت، غذائی تحفظ، توانائی، سیاحت اور آئی ٹی کے شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ نئے ریل رابطوں اور پاکستان کی بین الاقوامی شمال۔ جنوب ٹرانسپورٹ راہداری میں شمولیت سے تجارت کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں، اویس لغاری نے سندھ طاس معاہدے پر دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے پاکستان کو اس کے آبی حقوق سے محروم کرنے کی کسی بھی کوشش کو "اعلان جنگ "کے مترادف قرار دیا۔ انہوں نے تنازعات کے حل کے لیے معاہدے میں طے شدہ طریقہ کار سے رجوع کرنے پر زور دیتے ہوئے خبردار کیا کہ اس معاملے کے اثرات صرف خطے تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ اس کے وسیع تر نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 6

کے حل کے لیے ڈسٹرکٹ ریزولوشن کمیٹی کا کردار نہایت اہم ہے۔ ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے کمیٹی کے اراکین کو ہدایت کی کہ عوامی تنازعات کے حل کے دوران مکمل شفافیت، غیر جانب داری اور تیز رفتاری کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بروقت اور آسان انصاف کی فراہمی ممکن ہو سکے۔ اجلاس کے اختتام پر زیر التوا کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں اور کمیٹی اراکین کو ہدایت کی کہ باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کام کرتے ہوئے زیر التوا معاملات کو نمٹایا جائے اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 7

ظاہر کی گئی کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں قانونی مہارت اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے اور قانون کی بالادستی کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں گے آغا محسن علی خان پٹھان کی اس تقرری کو ان کے لیے ایک اہم پیشہ ورانہ ذمہ داری قرار دیتے ہوئے ان کے روشن مستقبل، کامیابی اور عزت و وقار کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا اللہ تعالیٰ انہیں نئی ذمہ داریوں میں کامیابی عطا فرمائے اور عدل وانصاف کے تقاضے پورے کرنے کی توفیق دے۔ آمین

بقیہ 8

ساجد صفدر کی ہدایات پر اینٹی لٹرنگ سکواڈ بھی شہر بھر میں متحرک رہا، کری روڈ، گلزار قائد، وارث خان، ہولی فیملی ہسپتال روڈ اور یونین کونسل 19، سکستھ روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں سکواڈ کی جانب سے 270 انسپکشنز کی گئیں جبکہ صفائی قوانین کی خلاف ورزی پر 20 افراد کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے۔ شہریوں، دکانداروں اور کاروباری مراکز کو کوڑا سڑکوں پر پھینکنے اور کچرا جلانے سے گریز کرنے کی ہدایات بھی دی گئیں۔ ستھرا پنجاب ایجنسی کی کیمونیکیشن ٹیم نے جامع مساجد میں انسداد سموگ اور اینٹی لٹرنگ آگاہی مہم بھی چلائی۔ نمازیوں میں آگاہی پمفلٹس تقسیم کیے گئے جبکہ امام صاحبان سے اپیل کی گئی کہ وہ اپنے خطاب کے دوران صفائی ستھرائی، کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر پھینکنے، کچرا نہ جلانے اور سموگ کی روک تھام کے حوالے سے اہم پیغام نمازیوں تک پہنچائیں۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک ماحول کی فراہمی کے لیے فیلڈ آپریشنز کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ انسداد سموگ کے لیے سڑکوں کی واشنگ، سوئیپنگ اور سکریپنگ کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے جبکہ اینٹی لٹرنگ سکواڈ کو بھی شہر بھر میں مؤثر کارروائیوں کی ہدایات دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی صرف اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ شہریوں کا تعاون بھی ناگزیر ہے۔ شہری سڑکوں اور عوامی مقامات پر کوڑا پھینکنے اور کچرا جلانے سے گریز کریں، اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھیں اور صفائی عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ رانا ساجد صفدر نے کہا کہ مساجد سے صفائی اور انسداد سموگ اور اینٹی لٹرنگ کا پیغام زیادہ سے زیادہ شہریوں تک پہنچایا جا سکتا ہے، اس لیے امام صاحبان کا تعاون انتہائی اہم ہے۔ ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی شہریوں کو صاف، صحت مند اور بہتر ماحول کی فراہمی کے لیے فیلڈ میں مسلسل متحرک ہے

بقیہ 9

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ شہریوں اور تاجروں کو درپیش مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو عملی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیرودھائی بس سٹینڈ تقریباً 280 کنال رقبے پر مشتمل ایک بڑا بس سٹینڈ ہے، تاہم اس کی استعداد کے مطابق حکومت کو آمدن حاصل نہیں ہو رہی۔ بس سٹینڈ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اسٹیٹ آف دی آرٹ بس سٹینڈ میں تبدیل کیا جائے گا، جہاں مسافروں کے لیے جدید ویٹنگ ایریاز، ہوٹل، دکانیں اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ راجہ بازار اور ماڈل بازار کے پارکنگ مسائل کے حل کے لیے پارکنگ پلازہ پر جلد کام شروع کیا جائے گا، جبکہ شہر میں سیوریج اور نکاسی آب کے مسائل کے مستقل حل کے لیے متعلقہ اداروں کو ضروری اقدامات کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بارش کے دوران نکاسی آب کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وہ بہت جلد شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے تاجروں اور شہریوں کو درپیش مسائل کا موقع پر جائزہ لیں گے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کریں گے۔ تاجر رہنماؤں نے شہری مسائل کے حل اور تاجروں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 10

علاقوں کی خوبصورتی اور شان متاثر کن تھی، دفتر سے بیٹھ کر شیشے سے باہر دیکھتے رہیں تو سب اچھا لگتا لیکن حقیقت ایسی نہیں ہوتی، انڈیا کیساتھ جنگ میں دنیا نے پاکستان کا شاندار امیج اور نیا روپ دیکھا، آرمی اور دیگر سیکورٹی ادارے ملک وقوم کی حفاظت کیلئے قابل قدر کام کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نیشنل کمانڈ اتھارٹی سینئر آفیسر لیڈر شپ کورس کے وفد نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سینئر لیڈر شپ کورس کے شرکاء کا لاہور آمد پر خیر مقدم کیا۔ چیف سیکرٹری زاہد زمان اختر نے پنجاب حکومت سے متعلق امور پر بریفنگ دی۔ سینئر لیڈر شپ کورس کے شرکاء نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوامی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ خیبر پختونخواہ کے افسروں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوامی خدمات دیکھ کر کے پی کے والوں کو بھی رشک آتا ہے۔ نیشنل کمانڈ اتھارٹی سینئر آفیسر لیڈر شپ کورس کے وفد سے فکر انگیز گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بطور خاتون وزیراعلیٰ مجھے بہت زیادہ عزت اور احترام ملا۔ ہر حکومت کو پانچ سال پورے کرنا چاہیے اگر وہ اچھا کام کر رہی ہے۔ ہر روز سیکھتی ہوں، جانتی ہوں اس سے عوام کی خدمت کے امور میں بہتری آ رہی ہے۔ اچھے کام کرنے والوں کو ہمیشہ یاد رکھا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ انڈیا کے ساتھ جنگ میں دنیا نے پاکستان کا شاندار امیج اور نیا روپ دیکھا۔ آرمی اور دیگر سیکورٹی ادارے ملک وقوم کی حفاظت کیلئے قابل قدر کام کر رہے ہیں، شہادتیں بھی ہو رہی ہیں۔ سیکورٹی داخلی خطرات کا سامنا گڈ گورننس، پرفارمنس سے کیا جا تا ہے۔ ہم پنجاب، کے پی کے، بلوچستان یا گلگت کی بات نہیں کرتے، سب سے پہلے پاکستانی ہیں۔ پاکستان میں پالیسی کا تسلسل نہ ہونا ترقی کی راہ میں حائل ہو جاتا ہے۔ گورننس بہتر نہیں ہوگی تو ملک ترقی نہیں کر سکتا، گورننس سپورٹ کے بغیر پرفارم نہیں کر سکتے۔ دہشت گرد جہاں سے بھی وہ دہشت گرد ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ افغانستان میں مسلمان بہن بھائی بستے ہیں مگر پڑوسی ہونے کے ناطے اپنی سرزمین کسی کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ کچے میں جب آپریشن کرتے تھے تو ڈاکو یہاں سے نکل کر دوسرے صوبائی سرحد عبور کر کے چھپ جاتے تھے۔ پنجاب میں زیادہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت رہنے سے گورننس کا معیار اچھا ہے۔ دہشت گردی پنجاب میں اب ان شاء اللہ نظر نہیں آئے گی۔ امن وامان کنٹرول میں ہے، مگر ایسا بھی نہیں کہ خطرہ نہیں، حملے نہیں ہو سکتے، ہم ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دیگر صوبوں میں بھی پولیس کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ داخلی اور خارجی سکیورٹی کے لئے ہمارے لوگ لڑ رہے ہیں، شہید ہو رہے ہیں۔ ہمارے بچپن میں خیبر پختونخواہ کے علاقوں کی خوبصورتی اور شان متاثر کن تھی۔ لوگ کہتے ہیں کہ گٹر کے ڈھکن لگانا سی ایم کا کام نہیں مگر ہر لیول پر جا کر کام کرتی ہوں۔ دفتر سے بیٹھ کر شیشے سے باہر دیکھتے رہیں تو سب اچھا لگتا لیکن حقیقت ایسی نہیں ہوتی۔ پہلے پنجاب میں 70 علاقے نو گو ایریا کہلاتے تھے، اب پنجاب میں کوئی نو گو ایریا نہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 14 کروڑ عوام کی حفاظت کی ذمہ دار ہوں، ایسے فیصلے کرنے پڑے جو پہلے نہیں کیے گئے۔ پنجاب میں حکومت سنبھالی تو دن رات قتل و غارت تھی، مافیاء، ڈالا کلچر اور وڈیرا کلچر عام تھا۔ کالا ویگو ڈالا، گارڈز اور اسلحہ کی نمائش اب پنجاب میں نہیں نظر آئے گی۔ پنجاب میں جرائم کی شرح میں 70 فیصد تک کمی آئی۔ پولیس والوں کی برسوں پرانی عادتیں بدلنا مشکل کام تھا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بزدار کے بعد حکومت سنبھالی تو بنیادی نوعیت کے کام بھی نئے سرے سے کرنے پڑے۔ حکومت سنبھالی، رمضان شریف میں پتہ چلا کہ ہمارے پاس عوام کا ڈیٹا ہی نہیں۔ دو سال میں پنجاب کی تمام آبادی کا ڈیٹا سوشل اکنامک رجسٹری کے ذریعے تشکیل دیا گیا۔ اب پنجاب ون میپ ہے، ایک کلک کرنے سے ہر قسم کا ڈیٹا سامنے آ جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یو این ہیبی ٹیٹ نے اپنی چھت اپنا گھر کو دنیا بھر کے پانچ بہترین ہاؤسنگ پراجیکٹ میں شامل کیا۔ اپنی چھت اپنا گھر کے تحت ایک لاکھ 30 ہزار گھر بن چکے ہیں اور ایک لاکھ زیر تکمیل ہے۔ اپنی چھت اپنا گھر جیسے پراجیکٹ جرات مند فیصلوں کا نتیجہ ہے۔ ہر مرحلے پر چیک کرتے ہیں کہ اپنی چھت اپنا گھر کے تحت کسی غلط بندے کو قرض نہ مل جائے، کیونکہ ہمارا ریکارڈ شاندار نہیں۔ ہر پراجیکٹ میں عوامی فیڈ بیک کیلئے 15 سے 20 ہزار تک کال کر کے ردعمل لیا جاتا ہے۔ اپنی چھت اپنا گھر کے ہر قرض لینے والے کے پاس ایک جذباتی کہانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر اپنی چھت اپنا گھر کا لون نہ ملتا تو گھر نہ بنا پاتے۔ ریاست کا کام ہے اپنے عوام کا خیال رکھے، اپنی چھت اپنا گھر کے تحت 5 سال میں 5 لاکھ گھر بنانے کا ہدف دے دیا۔

بقیہ 11

منعقدہ دو روزہ سمٹ کے اختتام پر اسلام آباد ڈیکلیئریشن کے عنوان سے جاری اعلامیہ میں ذہنی صحت کو مشترکہ عالمی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ذہنی صحت کسی ایک ملک یا ادارے کی نہیں بلکہ پوری عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اعلامیہ میں پاکستان کی جانب سے عملی اقدامات اور شراکت داری کے ذریعے قیادت کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پاکستان اپنے قومی ذہنی صحت پالیسی فریم ورک کو قابل پیمائش نتائج میں تبدیل کرنے اور گلوبل الائنس فار مینٹل ہیلتھ کے ذریعے عالمی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ اعلامیہ میں عزم ظاہر کیا گیا کہ ذہنی صحت کے شعبے میں تقسیم سے ہم آہنگی، قلیل مدتی منصوبوں سے پائیدار مالی معاونت اور پالیسی وعدوں سے جوابدہ عملی اقدامات کی جانب پیش رفت کی جائے گی۔ اسلام آباد اعلامیہ میں کہا گیا کہ یہ اعلامیہ سرحدوں سے بالاتر ہو کر ذہنی صحت کو سب کے لیے یقینی بنانے کے لیے دنیا کو متحد کرے جبکہ اسلام آباد عالمی مکالمے، سیکھنے اور عملی اقدامات کا مرکز بنے۔

بقیہ 12

ہے۔ اقتصادی ٹیم نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ متعدد اجلاسوں میں وملکی معاشی اعداد وشمار کے تخمینوں بارے آگاہ کر دیا ہے۔ بریفنگ کے مطابق پاکستان کا معاشی آؤٹ لک مستحکم ہے۔ روپیہ مستحکم ہے اور مہنگائی میں کمی کا امکان ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ہدف سے کم رہنے کا امکان ہے۔ حکومت کا معاشی ہدف 4 فیصد نمو برقرار رہے گا۔ معاشی آؤٹ لک پر مشرق وسطی تنازع کا اثر نہیں پڑے گا تاہم آئی ایم ایف اور پاکستان میں ایکسچینج ریٹ، شرح سود پر اختلاف ہے، آئی ایم ایف کا مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کا موقف ہے۔ ملنے والی معلومات کے مطابق اب تک ہونے والی متعدد ملاقاتوں میں آئی ایم ای کو بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال برآمدات 34 ارب ڈالر اور ترسیلات زر 45.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔ رواں مالی سال درآمدات 69 سے 70 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 2.5 سے 3 ارب ڈالر رہنے کی توقع ہے۔ آئی ایم ایف کا مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کا مقف ہے جبکہ پاکستان حکام کا کہنا ہے کہ دسمبر کے بعد مہنگائی میں بتدریج کمی متوقع ہے۔ عالمی سطح پر تیل 80 ڈالر فی بیرل رہا تو مہنگائی 7.5 فیصد تک جا سکتی۔ تیل 100 ڈالر فی بیرل رہا تو مہنگائی 8.2 فیصد تک جا سکتی ہے۔ روپے کا استحکام درآمدی مہنگائی کم رکھنے میں مددگار ہوگا۔ بریفنگ کے مطابق زرمبادلہ ذخائر سے بیرونی شعبہ مستحکم رہنے کی توقع ہے۔ ترسیلات زر میں پہلے دو ماہ کے دوران 14.7 فیصد اضافہ ہوا۔ خوراک کی مقامی پیداوار سے درآمدی بل محدود رہنے کی توقع ہے۔ مشرق وسطی تنازع کے باوجود 4 فیصد معاشی نمو کا ہدف برقرار ہے تاہم مہنگا تیل اور سپلائی میں رکاوٹیں معاشی خطرات ہیں۔

بقیہ 13

جلال نے تمام ڈی آئی جیز جیلز اور سپرنٹنڈنٹس کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ قیدی کے پاس خطرناک ہتھیار یا ممنوعہ اشیا برآمد ہونے پر قیدی کے ساتھ متعلقہ افسران اور تعینات عملے کے خلاف بھی سخت کارروائی ہوگی۔ مراسلے کے مطابق سپرنٹنڈنٹس جیل بیرک، سیل، وارڈ، ورکشاپ اور کچن کی روزانہ مکمل تلاشی کرائیں گے جبکہ معمول کی تلاشی کے ساتھ سرپرائز اور خفیہ اطلاعات پر مبنی تلاشی بھی لی جائے گی۔ تلاشی محض خانہ پوری تک محدود نہیں ہوگی اور برآمد ہونے والی غیر قانونی اشیا کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ خودساختہ آلات یا خطرناک ہتھیار برآمد ہونے کی صورت میں تعینات عملے کی ذمہ داری فکس کی جائے گی اور سپرنٹنڈنٹ فوری انکوائری کرے گا۔ غفلت، کوتاہی یا تلاشی نہ لینے پر پیڈا ایکٹ کے تحت محکمانہ کارروائی کی جائے گی جبکہ تلاشی لینے والے عملے، وارڈرز اور سپروائزری اسٹاف کی بھی جانچ ہوگی۔ مراسلے کے مطابق کوٹ لکھپت جیل لاہور میں حالیہ واقعے کے دوران ایک قیدی جاں بحق اور 3 زخمی ہوئے تھے، جہاں قیدیوں کی جانب سے ممنوعہ تیز دھار آلے کے استعمال نے جیل کے سکیورٹی انتظامات پر سوالات اٹھائے۔ آئی جی جیلز نے تمام ڈی آئی جیز اور سپرنٹنڈنٹس کو فوری عملدرآمد یقینی بنا کر سرٹیفکیٹ جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 14

جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارگردگی ملکی امن وسلامتی کی ضامن ہے۔ جمعہ کو سکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی میں دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو بھی تباہ کر دیا گیا جبکہ اس دوران 7 خوارج مارے گئے۔ سکیورٹی فورسز کے مطابق عزم استحکام وژن کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء صدر زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے آپریشن میں 7 خوارج دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔

بقیہ 15

ہوئے بتایا کہ گزشتہ روز لیڈی ریڈنگ اسپتال میں میرے ہاں بچہ پیدا ہوا، اسپتال انتظامیہ نے گائنی روم سے رشتے دار خواتین کو باہر نکال دیا، گھر کی خواتین دوبارہ گائنی روم میں گئیں تو کوئی نومولود نہیں تھا۔ حشمت علی نے کہا کہ بچے کے مبینہ طور پر غائب ہونے کا روزنامچہ اسپتال میں پولیس چوکی پر درج کر دیا، پولیس حکام ایف آئی آر نہیں درج کر رہے ہیں، گائنی وارڈ کی نرس نے الٹا ہم پر بچے کو غائب کرنے کا الزام لگایا، اپنا بچہ کون غائب کر سکتا ہے؟ ہمارے بچے کو فوری طور پر بازیاب کروایا جائے۔ ترجمان اسپتال نے کہا کہ معاملے کی انکوائری کر رہے ہیں۔

بقیہ 16

جاری بیان میں واضح کیا گیا کہ پنجاب میں نئے انفرادی اسلحہ لائسنس پر پابندی برقرار ہے۔ ترجمان نے شہریوں کو خبردار کیا کہ وہ نئے اسلحہ لائسنس کی فراہمی کے فراڈ سے محفوظ رہیں، کسی بھی شخص کی جانب سے رقم طلب کرنے یا لائسنس جاری کرنے کی پیشکش کی صورت میں 04299211743 پر اطلاع دیں۔ حکومت پنجاب نے اسلحہ لائسنس کا نیا نظام متعارف کروایا ہے جس کے تحت شہریوں کو ڈیجیٹل لائسنس مل سکیں گے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے نادرا کے ساتھ معاہدے میں نئی ترمیم کی منظوری دی جس کے تحت شہری اپنے اسلحہ لائسنس کے قابل تصدیق ڈیجیٹل کریڈنشلز حاصل کر سکیں گے۔ محکمہ داخلہ پنجاب اور نادرا کے درمیان معاہدے کی مدت 31 دسمبر 2026 تک بڑھا دی گئی جبکہ معاہدے کا اطلاق یکم جنوری 2023 سے 31 دسمبر 2026 تک ہوگا۔ ترمیم شدہ معاہدے سے سنگل سائن آن تصدیق کی شق ختم کر دی گئی جبکہ تکنیکی اور سکیورٹی خدشات کے باعث مشترکہ لاگ اِن کی شق بھی نکال دی گئی۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ نے بھی ترمیم شدہ معاہدے سے سنگل سائن آن کی شق ختم کرنے کی سفارش کی تھی جس کے بعد قانونی جائزہ مکمل ہونے پر معاہدے کی منظوری دی گئی۔

بقیہ 17

شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا جبکہ تھانہ نصیر آباد پولیس نے ملزم کی گرفتاری کے لئے کوششیں شروع کر دیں۔

بقیہ 18

اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ مالی سال 2026 کے دوران پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات 40 ملین ڈالر اضافے کے ساتھ 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ مالی سال 2027 کے ابتدائی 2 ماہ میں بھی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات میں اضافے کا رجحان برقرار رہا اور برآمدات 5.55 فیصد بڑھ کر 3.38 ارب ڈالر ہوگئیں۔ ٹیکسٹائل برآمدات میں مسلسل پیش رفت پاکستان کے صنعتی اور برآمدی شعبے کی مضبوطی کی عکاسی کرتی ہے، جبکہ شعبے میں بڑھتی سرگرمیاں برآمدات اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع کو بھی فروغ دے رہی ہیں۔

بقیہ 19

افراد کی فائرنگ کی، تھانہ جنڈولہ پولیس ذرائع نے کہا کہ فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل سراج جان کی بازی ہار گئے جب کہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا۔ پولیس کے مطابق شہید کانسٹیبل شاہ مست تھانہ پہاڑی پورہ میں تعینات تھا۔ تھانہ چمکنی کی حدود میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے اہلکار کی نماز جنازہ ملک سعد پولیس لائنز میں ادا کر دی گئی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے تھانہ چمکنی کی حدود مہرگل کلے میرہ کچوڑی میں گزشتہ شب نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید پولیس اہلکار کانسٹیبل شاہ مست خان کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ ملک سعد شہید پولیس لائن پشاور میں نماز جنازہ کے موقع پر افواج پاکستان اور پولیس کے سینئر افسران اور اہلکار موجود تھے۔ گورنر نے شہید اہلکار کے تابوت پر پھولوں کی چادر چڑھائی، انکے لواحقین اور ساتھی اہلکاروں سے ملاقات کی اور شہید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ گورنر نے شہید کے لواحقین اور ساتھیوں کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 20

درختوں کے جھنڈ میں تاش کے ذریعے قمار بازی میں مصروف ہیں، جس پر پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے موقع پر موجود افراد کو قابو کیا۔ گرفتار ملزمان میں محمد سہیل ولد محمد نواز، شاکر علی خان ولد محمد صدیق سکنہ ڈھوک دیڑہ کنٹ اور دیانت علی خان ولد غلام محمد سکنہ محلہ نوشہرہ والی چونگی پنڈ گھیب شامل ہیں۔ پولیس نے داؤ پر لگی ایک لاکھ 90 ہزار روپے کی رقم قبضہ میں لے کر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ 21

کوسی ٹی ریکوری کے لیے لے جایا جا رہا تھا کہ کاہنہ کے قریب ان کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر حملہ کر دیا۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران زیر حراست دونوں ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کی زد میں آ کر زخمی ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فائرنگ کا تبادلہ رکنے کے بعد زخمی ملزمان کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا تاہم دونوں راستے میں دم توڑ گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہلاک ملزمان کے ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ دونوں ملزمان کی لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان 2 درجن سے زائد سنگین وارداتوں میں ملوث تھے۔

بقیہ 22

میں 8 لاکھ 56 ہزار سے زائد شہری لائسنسنگ سہولیات سے مستفید ہوئے جبکہ لاہور میں ایک لاکھ 39 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق 4 لاکھ 41 ہزار سے زائد شہریوں نے لرننگ لائسنس، 2 لاکھ سے زائد نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیے جبکہ 2 لاکھ 17 ہزار سے زائد شہریوں نے لرننگ، ریگولر اور انٹرنیشنل ڈرائیورز لائسنس کی تجدید کرائی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ایک ہزار 500 سے زائد شہریوں کو گم شدہ لائسنس دوبارہ جاری کیے گئے جبکہ 3 ہزار 600 سے زائد افراد کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ بھی فراہم کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق 2 لاکھ 80 ہزار سے زائد شہری آن لائن لائسنسنگ سہولیات سے مستفید ہوئے، آن لائن سروسز کے استعمال میں 168 فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا جبکہ 4 لاکھ سے زائد شہری ای ڈرائیونگ لائسنس بھی ڈاؤن لوڈ کر چکے ہیں۔

بقیہ 23

اطلاع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق افسوسناک واقعہ ہارون آباد روڈ بہاولی چوک کے قریب پیش آیا جہاں محلہ اسلام پورہ کا رہائشی 30 سالہ محمد عامر ولد جہانگیر عمر نشے کی حالت میں پایا گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق نوجوان عرصہ دراز سے نشے کی لت میں مبتلا تھا اور سرعام ٹیکے لگاتا تھا۔ آج زائد مقدار میں ٹیکہ لگانے کے باعث اس کی حالت بگڑ گئی اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ مرنے والا کوئی آوارہ گرد نہیں بلکہ تین معصوم بچوں کا باپ تھا۔ غربت، بیروزگاری اور نشہ فروشوں کے جال نے اسے اس نہج تک پہنچا دیا کہ وہ اپنے بچوں کو یتیم چھوڑ کر موت کی وادی میں چلا گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 اور تھانہ بی ڈویژن پولیس موقع پر پہنچ گئی، لاش کو قبضے میں لے کر ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا۔ یہ پہلا واقعہ نہیں، بہاولنگر میں آئے روز نوجوان نشے کی بھینٹ چڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 24

ای شیٹ پر امتحان لیا گیا۔ لاہور بورڈ کے مطابق جی سی یونیورسٹی، پنجاب کالج اور سپیریئر کالج کے 150 طلبہ نے ای شیٹ پر امتحان دیا۔ اس موقع پر چیئرمین ٹاسک فورس برائے امتحانات مزمل محمود نے انتظامات کا جائزہ لیا جبکہ چیئرمین لاہور بورڈ پروفیسر بدرالسلام اور کنٹرولر امتحانات توصیف الرحمان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین ٹاسک فورس مزمل محمود نے کہا کہ ای مارکنگ سے طلبہ کا امتحانی نظام پر اعتماد بڑھے گا اور ای شیٹ کے ذریعے جعلی امیدواروں کی نشاندہی بھی آسان ہو گی۔ چیئرمین لاہور بورڈ پروفیسر بدرالسلام نے کہا کہ پورے پاکستان سے ماہر اساتذہ پیپر مارکنگ کر سکیں گے، تاہم صرف کوالیفائیڈ اساتذہ کو ہی پیپر چیک کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ کنٹرولر امتحانات توصیف الرحمان کا کہنا تھا کہ ای مارکنگ سسٹم سے ری چیکنگ سے متعلق شکایات میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔

بقیہ 25

کارروائی کے دوران 1200 کلوگرام چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لی گئی، برآمد چرس کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 5 ارب 40 کروڑ روپے ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق اینٹی اسمگلنگ اسکواڈ نے خفیہ اطلاع پر 2 اکتوبر کو رات تقریباً ڈھائی بجے کارروائی کی جس کے دوران تقریباً 100 کلوگرام پوست کے بیج، آتشیں اسلحہ اور غیر کسٹمز ادا شدہ ٹویوٹا پراڈو ماڈل 2005 بھی برآمد کی گئی جسے منشیات کی منتقلی کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ حکام کے مطابق کارروائی کے دوران ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے، نامعلوم ملزمان کے خلاف کنٹرول آف نارکوٹک سبسٹنسز ایکٹ 1997 اور کسٹمز ایکٹ 1969 کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 26

چیکنگ کے لیے ایس او پیز مرتب کرنے کے حوالے سے مختلف امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ہونے والے سروے کے عمل، متاثرہ علاقوں اور افراد سے متعلق معلومات کے درست اندراج، فیلڈ میں حاصل کیے جانے والے ڈیٹا کی تصدیق اور سروے کے نتائج کی کراس چیکنگ کے طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 27

متعدد تقرر وتبادلے کے احکامات بھی جاری کیے ہیں۔ فضل الٰہی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو سینٹرل جیل لاہور تعینات، حافظ محمد رضوان ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ جیل جھنگ تعینات، آصف مرتضی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو سینٹرل جیل فیصل آباد تعینات اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو سینٹرل جیل ڈی جی خان شہزاد احمد کو انسپکٹوریٹ آف پریزن پنجاب رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے تمام جیلوں میں انتظام والنصرام کیلئے قواعد وضوابط جاری کیے ہیں، محکمہ داخلہ پنجاب نااہلی، بدانتظامی اور قوانین کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 28

(ن) اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کہا ہے کہ معاملات پارلیمان میں آ کر حل کیے جائیں۔ دوسری جانب اسلام آباد میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی سیاسی اور امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ حکومت اور اپوزیشن کمیٹیوں کے وفود کی ملاقات کے حوالے سے بھی امور زیر بحث آئے۔

بقیہ 29

ساتھ چھتیں دیکھ رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایڈوانس بکنگ سے بسنت کی خوشیاں دگنی ہو جائیں گی جبکہ چھتوں کے مالکان نے خراب چھتوں کی مرمت کا کام شروع کر رکھا ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نئے سال 2027ء کی آمد پر لاہوریوں کو 10 روزی بسنت کا تحفہ دیا ہے۔ وزیراعلیٰ کی ہدایت کے مطابق 29 جنوری سے 7 فروری تک بسنت منائی جائے گی۔

بقیہ 30

آئی مارچ ملتوی کر دے گی۔ حکومت بانی کو اسپتال لے جانے اور ملاقاتیں بحال کرنے کا بتائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی مارچ کی تیاری نہیں، وہ بھنور پھنسی ہوئی ہے اسے فیس سیونگ مل جائے گی۔ مارچ ملتوی ہونے کے بعد حکومت پی ٹی آئی کو ٹھینگا دکھا دے گی۔

بقیہ 31

کو اخراجات کم کرنے یا کاروبار بڑھانے کیلئے تفصیلی منصوبہ بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے یہ مراکز بہتر کارکردگی کیلئے کاروبار اور ڈپازٹس بڑھانے کا منصوبہ بنا سکتے ہیں، غیر مؤثر مراکز کو زیادہ کاروباری اور سرمایہ کاری کی صلاحیت والے علاقوں میں منتقل کرنے کا آپشن بھی زیر غور ہے۔ منتقلی کی صورت میں 15 روز کے اندر علاقائی ڈائریکٹوریٹس سے کاروباری اور منتقلی کا منصوبہ طلب کیا گیا ہے۔ مرکز بند ہونے کی صورت میں وہاں تعینات تمام ملازمین کی تفصیلات، رہائش اور ترجیحی تعیناتی کی جگہ بھی فراہم کرنا ہوگی۔

بقیہ 32

کے لیے گہری تشویش اور اضطراب کا باعث ہے، حرمین شریفین کے تقدس اور نمازیوں وزائرین کی سلامتی کا ہر حال میں احترام کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایسے اقدامات کے فوری اور غیر مشروط خاتمے کا مطالبہ کرتے ہیں جو علاقائی امن وسلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان برادر مملکت سعودی عرب کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ اور سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے مکمل حمایت کا اظہار کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم حرمین شریفین کے تحفظ، اپنے عوام کی حفاظت اور زائرین کی سلامتی کو یقینی بنانے کی سعودی عرب کی کوششوں میں اس کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کے لیے ماضی میں بھی بھرپور کوششیں کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی یہ کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 33

روور کی تیاری جاری ہے، پاکستانی قمری روور چانگ ای 8 - مشن کے تحت چاند پر بھیجا جائے گا۔ چیئرمین سپارکو نے کہا کہ پاکستانی قمری روور کو چاند کے جنوبی قطب پر بھیجنے کا منصوبہ ہے، طلبہ تحقیق، جدت اور خلائی شعبوں میں تعلیم حاصل کریں۔ سپارکو 2005 سے ورلڈ اسپیس ویک ایسوسی ایشن کا نیشنل کوآرڈینیٹر ہے۔ پاکستان 2013 سے ورلڈ اسپیس ویک سرگرمیوں میں سرفہرست تین ممالک میں شامل ہے، راکٹ ٹیکنالوجی خلا تک رسائی کا بنیادی ذریعہ ہے، راکٹ ٹیکنالوجی کے زمین پر بھی بڑھتے ہوئے فوائد ہیں، اس موقع پر بیکن ہاؤس ٹیپو سلطان کیمپس کے طلبہ کا راکٹ انقلاب پر رنگا رنگ ٹیبلو پیش کیا گیا اور طلبہ نے راکٹ ٹیکنالوجی کے حق اور مخالفت میں دلائل پیش کیے

بقیہ 34

رواٹ کے علاقے میں فائرنگ کر کے گھر میں سوئے ہوئے اپنے بھانجے کو قتل کیا تھا، ملزم کو صدر بیرونی پولیس نے منشیات واسلحہ ناجائز برآمد ہونے پر گرفتار کیا جس نے دوران تفتیش قتل کی واردات کا انکشاف کر لیا، گرفتار ملزم قبل ازیں دہشت گردی، قتل، اقدام قتل، منشیات سمیت دیگر متعدد مقدمات میں ملوث وریکارڈ یافتہ بھی ہے۔ ایس پی صدر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 35

حکام کے مطابق ایوارڈز مقابلے کو 3 بنیادی کیٹیگریز بہترین ریسرچ، بہترین ینگ ریسرچر اور بہترین پبلیکیشن میں تقسیم کیا گیا ہے، کامیابی حاصل کرنے والے محققین کو سرٹیفکیٹس کے ساتھ ساتھ نقد انعامات سے بھی نوازا جائے گا۔ ایچ ای سی نے واضح کیا ہے کہ بہترین پبلیکیشن ایوارڈ کا نقد انعام 10 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے، جبکہ بہترین ریسرچر اور 40 سال سے کم عمر کے بہترین ینگ ریسرچر ایوارڈز کی انعامی رقم 5، 5 لاکھ روپے ہوگی۔ ایچ ای سی کے مطابق ایوارڈز تین بڑے شعبہ جاتی گروپس میں دیئے جائیں گے، جن میں سماجی علوم، آرٹس و ہیومینٹیز، قانون، تعلیم، مینجمنٹ اور پبلک پالیسی؛ فزیکل سائنسز، انجینئرنگ، ٹیکنالوجی، کمپیوٹر سائنس، شماریات اور ریاضی؛ جبکہ لائف سائنسز، بائیولوجیکل سائنسز، ہیلتھ سائنسز، فارمیسی، زراعت اور ویٹرنری سائنسز شامل ہیں۔ خواہشمند پاکستانی محققین اپنی درخواستیں 31 اکتوبر 2026 تک ایچ ای سی کے آن لائن پورٹل (research.hec.gov.pk) کے ذریعے جمع کروا سکتے ہیں۔ وصول ہونے والی تمام درخواستیں پہلے انتظامی اسکریننگ سے گزریں گی، جس کے بعد متعلقہ مضامین کے ماہرین اور ریویو پینلز اہل درخواستوں کا حتمی معائنہ کریں گے۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر 2026 رات 11 بج کر 59 منٹ ہے۔

بقیہ 36

رہنما سلمان اکرم راجہ نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ میں انصاف کی بات کروں گا، انصاف مکمل ختم ہو چکا ہے، ہمیں بانی تحریک انصاف سے ملاقات اور مشاورت چاہیے، ملاقات ہوئی تو معاملہ آگے بڑھے گا، ورنہ صورت حال جوں کی توں رہے گی، بانی تحریک انصاف کی رہائی اور انصاف چاہتے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ بانی تحریک انصاف سے ملاقات اس لیے ضروری ہے تاکہ ان سے مشاورت کر کے مذاکرات کا ایجنڈا طے کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بانی سے ملاقات کے بعد ہی آئندہ کا لائحہ عمل طے ہوگا۔

بقیہ 37

آئی جی اسلام آباد کے مطابق بروقت ضرورت ٹرانسپورٹرز بھی کنٹینرز استعمال کریں گے، پولیس کنٹینرز پر سرمایہ کاری کرے گی جس سے پولیس کو فائدہ ہوگا۔ گڈز ٹرانسپورٹرز کے مطابق اسلام آباد اور دیگر مختلف مقامات پر 3 ہزار سے زائد لوڈڈ اور خالی کنٹینرز موجود ہیں۔

بقیہ 38

دہشت گردی کے اقدامات، ضلع بھر میں جاری آپریشنز، حساس مقامات کی سکیورٹی اور افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ تربیت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے سی ٹی ڈی کی مجموعی کارکردگی اور پیشہ ورانہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا اور انسداد دہشت گردی کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے، دہشت گردی اور جرائم کے خلاف کارروائیوں میں مزید بہتری لانے اور متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈی آئی جی اسلام آباد نے سی ٹی ڈی کے سینئر کمانڈ کے ساتھ ایک اجلاس بھی منعقد کیا، جس میں پیشہ ورانہ امور، انسداد دہشت گردی کے اقدامات، موجودہ سکیورٹی صورتحال اور جاری آپریشنز سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 39

قبل ازیں سنیچنگ کے مقدمات میں ملوث وریکارڈ یافتہ ہے، پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے فائرنگ کر دی، زخمی ملزم کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، ساتھی کی گرفتاری کے لیے سرچنگ جاری ہے، شہریوں کی جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 40

ہے جبکہ کم عمر ڈرائیور کو چالان ٹکٹ جاری کرنے کیساتھ انکی گاڑی وموٹر سائیکل کو بھی تھانہ بند کیا جائے گا۔ حادثات کی روک تھام کیلئے ون ویلنگ کیلئے آلٹریشن کرنیوالے مکینکس کیخلاف بھی سخت قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کم عمر ڈرائیورز اور ون ویلنگ کی روک تھام کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں اور اس خونی کھیل کے خاتمہ کیلئے ٹریفک پولیس سے تعاون کریں تاکہ شاہراہوں اور انسانی زندگیوں کو حادثات سے محفوظ بنایا جا سکے انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ون ویلنگ، ریسنگ اور غفلت لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنیوالوں کی اطلاع ٹریفک پولیس کی ہیلپ لائن پر دیں تا کہ انکے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 41

بھی تعینات کیے گئے ہیں، معیاری کھانے کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے تمام اقدامات کئے جا رہے ہیں، بہترین کھانے کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ سٹاف کو سختی سے ہدایات دی گئی ہیں، فورس کی ویلفیئر یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل استعمال کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 42

اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات کے اعتراف کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں فرض شناسی، پیشہ ورانہ مہارت، محنت اور عوامی خدمت میں نمایاں کردار ادا کرنے والے افسران و جوانوں کو تعریفی اسناد سے نوازا جا رہا ہے، تاکہ ان کی حوصلہ افزائی کے ساتھ محکمہ پولیس میں محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دیا جا سکے۔ اسی تسلسل میں آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے ریٹائرڈ ہونے والے ڈی ایس پی محمد اقبال احمد کی محکمہ پولیس کے لیے طویل، قابل قدر اور پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا۔ اس موقع پر اسلام آباد پولیس کے ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے دفتر میں ان کی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈی ایس پی محمد اقبال احمد کی محکمہ پولیس کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا

بقیہ 43

بنائیں اور ڈینگی لاروا کی نشاندہی اور خاتمے کے لیے بھرپور اقدامات یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف علاقوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے اور جہاں کہیں بھی ڈینگی لاروا کی موجودگی کا خدشہ ہو وہاں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اجلاس میں انسداد ڈینگی مہم کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ پنجاب حکومت کی ہدایات کے مطابق تمام اہداف بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو ڈینگی سے محفوظ رکھا جائے۔

بقیہ 44

کہ میرے منہ میں الفاظ نہ ڈالیں، فارم 47 والی بات پر قائم ہوں، سلمان اکرم راجا نے کہا کہ لانگ مارچ ہمارا حق ہے اس سے کوئی نہیں روک سکتا۔

بقیہ 45

گزشتہ 25 سال سے ہندو برادری کے مختلف گھروں میں جھاڑو پوچھے اور صفائی ستھرائی کا کام کر کے اپنے اہل خانہ کا گزر بسر کرتی آ رہی ہے، تاہم گزشتہ دو ماہ سے ہندو تاجر مہندر کمار کی جانب سے ان پر سونے کا لاکٹ چوری کرنے کا الزام عائد کیا جا رہا ہے، جسے انہوں نے بے بنیاد اور غلط قرار دیا ہے مورزادی شیخ کے مطابق مہندر کمار کا کہنا ہے کہ مندر سے ان کا سونے کا لاکٹ غائب ہوا ہے اور اس حوالے سے وہ انہیں ذمہ دار ٹھہرا رہے ہیں۔ متاثرہ خاتون نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ دو ماہ سے اس الزام کے باعث انہیں ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور وہ مسلسل پریشانی میں مبتلا ہیں متاثرہ بیوہ خاتون نے مزید الزام عائد کیا کہ چند روز قبل مہندر کمار نے انہیں اپنے گھر بلایا، جہاں ان کے بقول ان پر بلا جواز تشدد کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنی صفائی پیش کرنے اور معاملے کو واضح کرنے کی کوشش کی، لیکن ان کی بات تسلیم نہیں کی گئی۔ خاتون کا دعویٰ ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے اپنی جان بچا کر وہاں سے نکلنے میں کامیاب ہوئیں۔

بقیہ 46

کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ آج ہی وکالت نامہ جمع کرایا ہے، اس لیے سماعت ملتوی کی جائے۔ جسٹس ارشد علی نے ریمارکس دیے کہ ایسا تو نہیں ہوتا ہے۔ عدالت نے سہیل آفریدی کے وکلا کو آخری وارننگ دیتے ہوئے قرار دیا کہ آج کے بعد کسی صورت کیس کی سماعت ملتوی کرنے کی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 47

کے باعث پشاور منتقل کر دیا گیا ہے۔ کرک میں حادثہ رات کے آخری پہر سپینہ کے قریب الوڑگی بانڈہ میں پیش آیا تھا۔

بقیہ 48

پڑیں۔ نئے ڈیجیٹل نظام کے تحت شہری اب گھر بیٹھے یا قریبی مرکز سے آفیشل ویب سائٹ، نادرا ای سہولت اور 'دستک ایپ ' کے ذریعے اپنی زمین کی فرد حاصل کر سکتے ہیں۔ نادرا سے بائیومیٹرک تصدیق کے بعد فرد کی فیس ون لنک یا ایزی پیسہ کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جمع کی جائے گی، جس کے بعد فرد صارف کے اکاؤنٹ میں محفوظ رہے گی اور کیو آر کوڈ کے ذریعے اس کی آن لائن تصدیق بھی ممکن ہوگی۔ اس کے ساتھ شہریوں کے اطمینان کی جانچ کے لیے ڈیجیٹل پبلک فیڈ بیک نظام بھی قائم کیا گیا ہے، جس کے تحت ریونیو خدمات حاصل کرنے والے شہریوں سے فون کر کے ان کی رائے ریکارڈ کی جائے گی۔ غیر مطمئن شہریوں کی شکایات براہ راست ڈپٹی کمشنر کے ڈیش بورڈ پر منتقل ہوں گی، اور اس فیڈ بیک کو اضلاع کی ماہانہ کارکردگی کے جائزے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ ان اصلاحات سے لینڈ ریکارڈ کے نظام پر عوامی اعتماد بحال ہوگا اور اراضی سے متعلق شکایات میں واضح کمی آئے گی۔ تقریب کے اختتام پر انہوں نے ڈیجیٹل اصلاحات کے اجرا میں اہم کردار ادا کرنے والے حکام کو تعریفی اسناد سے بھی نوازا۔

بقیہ 49

افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 50

پریس کلب مریدکے میں اپنی 77ویں سالگرہ کا کیک کاٹنے کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی خوشحالی کیلئے ضروری ہے کہ وہاں امن کا تسلسل ہو، سب نے دیکھا پاکستان آج دنیا میں ایک عظیم ملک بن کر کھڑا ہے، دنیا کے امن خوشحالی میں پاکستان کا کردار مرکزی اہمیت حاصل کر چکا ہے، وزیراعظم نے لندن اسٹاک ایکسچینج میں افتتاح کیا، یہ پاکستان کی بہت بڑی عزت ہے، یہ پاکستان کیلئے اکنامک انڈیکیٹر ہے، دنیا ہماری اکنامک کامیابیوں کا اعتراف کر رہی ہے، یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوا ہے، دو سالوں میں پاکستان کی معاشی صورتحال بہتر ہوئی، معاشی اشاریے بہتر ہوئے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم شہباز شریف کی دن رات کی کوششوں سے جب بھی امن ہوتا ہے ملک خوشحالی کی طرف چلنے لگتا ہے غیر ملکی فنڈز سے چلنے والی پی ٹی آئی پھر انتشار بدامنی شورشرابہ کی فضا پیدا کر دیتی ہے، اس کی پاکستان اور اداروں کو کمزور کرنے کی کوشش ٹھیک نہیں ہے، یہ دشمن کا ایجنڈا ہے۔

بقیہ 51

ضابطہ فوجداری کی دفعہ 160 کے تحت نوٹس جاری کیا گیا تھا۔ این سی سی آئی اے کی 4 رکنی ٹیم نے محمد رضوان سے پوچھ گچھ کی جس میں ڈپٹی ڈائریکٹر اور 3 انسپکٹرز شامل تھے۔

بقیہ 52

گارڈ سے اسلحہ رکھوا دیا۔ ڈاکو بینک کے کیش کاؤنٹر سے 7 لاکھ 26 ہزار روپے نقدی اور سکیورٹی گارڈز کے 2 ہتھیار لوٹ کر فرار ہو گیا۔

بقیہ 53

انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اتحادی ہے اور جن معاملات پر شکایات ہیں، حکومت کا موقف ہے کہ ان پر بات کی جائے۔ اگر مذاکرات سے یہ سمجھا جائے کہ تحریک انصاف لانگ مارچ موخر کر دے گی تو ایمرجنسی کا معاملہ بھی ختم ہو جائے گا، تاہم لانگ مارچ اور ایمرجنسی کے معاملے کا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے۔ طارق فضل چوہدری کے مطابق ایمرجنسی کے نفاذ کی بات خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں اضافے کے تناظر میں شروع ہوئی۔ صوبے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت وفاقی سطح پر دہشتگردی روکنے کے اقدامات کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے، جبکہ بلوچستان کی صوبائی حکومت وفاقی اقدامات کے ساتھ کھڑی ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں اس بات پر بھی بات ہوگی کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی روکنے کے لیے صوبائی حکومت کو کس طرح تعاون کرنا ہوگا۔

بقیہ 54

ایس ایس پی شکار پور محمد کلیم ملک نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی، جس کے بعد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مرکزی ملزم جاوید اختر بلوچ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار مرکزی ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ واقعہ میں ملوث دیگر افراد کے کردار کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔

سیاسی جماعتیں ذمے داری محسوس کریں مذاکرات کے حامی رہے ہیں طلال چوہدری

حکومت مذاکرات کی حامی رہی ہے تاہم پی ٹی آئی خود ہی یک طرفہ طور پر مذاکرات سے الگ ہوئی

مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کہا ہے کہ معاملات پارلیمان میں آ کر حل کیے جائیں، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو اپنی ذمے داری محسوس کرنی چاہیے اور اچھے کی امید رکھنی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں طلال چوہدری نے کہا کہ حکومت مذاکرات کی حامی رہی ہے تاہم پی ٹی آئی خود ہی یک طرفہ طور پر مذاکرات سے الگ ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے عوامی سطح پر اور پارلیمان میں ہر جگہ مذاکرات کی بات کی ہے، پارلیمان میں سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کے دوران حکومت کو کبھی انا یا ضد نہیں رہی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (بقیہ نمبر 28)

بسنت کی گہما گہمی شروع، چھتوں کے کرایے لاکھوں روپے تک پہنچ گئے

اندرون لاہور میں شہریوں نے بسنت منانے کیلئے ایڈوانس بکنگ شروع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے بسنت کی تاریخوں کے اعلان کے بعد لاہور میں چھتوں کی ایڈوانس بکنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا اور قیمتیں لاکھوں روپے پر پہنچ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی جانب سے بسنت کا اعلان ہوتے ہی اندرون لاہور میں شہریوں کا رش بڑھ گیا، کہیں لاکھوں روپے کی بکنگ تو کہیں شہری اپنی فیملیز کے (بقیہ نمبر 29)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے ایس پی سٹی زون محمد خرم اشرف کے ہمراہ نمازِ جمعہ کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا

حکومت اپوزیشن مذاکرات، پی ٹی آئی کو فیس سیونگ مل جائے گی

مارچ ملتوی ہونے کے بعد حکومت پی ٹی آئی کو ٹھینگا دکھا دے گی، شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے حکومت اپوزیشن مذاکرات کو برائے نام قرار دے دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ فیصلے دو دن پہلے ہی ہو چکے ہیں، فریقین مذاکرات کو کامیاب قرار دیں گے، پی ٹی (بقیہ نمبر 30)

قومی بچت کے 111 مراکز غیر موثر اور مالی طور پر غیر پائیدار قرار

فی 10 لاکھ روپے ڈپازٹس پر آپریشنل اخراجات کا معیار 2500 روپے مقرر ہے

اسلام آباد (این این آئی) قومی بچت کے 111 مراکز کو غیر موثر اور مالی طور پر غیر پائیدار قرار دے دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ناقابل عمل مراکز کو مکمل بند کر کے قریبی فعال مرکز میں ضم کرنے کی تجویز سامنے آ گئی۔ قومی بچت مراکز کیلئے فی 10 لاکھ روپے ڈپازٹس پر آپریشنل اخراجات کا معیار 2500 روپے مقرر ہے، 111 غیر مؤثر مراکز (بقیہ نمبر 31)

خاران کے مغوی ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو بازیاب

خاران (این این آئی) ضلع خاران کے ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو بازیاب ہوگئے، پولیس ذرائع نے تصدیق کردی۔ ڈپٹی کمشنر کے خاندانی ذرائع نے بھی ان کی بازیابی کی تصدیق کی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کو 20 ستمبر کو اغواء کیا گیا تھا۔ ڈپٹی کمشنر کو ایک پرائیویٹ گاڑی میں کوئٹہ سے خاران جاتے ہوئے تین دیگر افراد کے ہمراہ اغواء کیا گیا تھا۔

بزرگ خاتون کے اندھے قتل کا کیس حل، بیٹا اور دو دوست گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے خاتون کے قتل میں ملوث بیٹے اور اس کے دو دوستوں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سواں زون حسنین شاہ نے بتایا کہ مقتولہ ساجدہ بی بی کے قتل میں سگے بیٹے سمیت تین ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے، یہ گرفتاریاں تھانہ کورال کی بڑی کامیابی ہے جنہوں نے اندھے قتل کو مختصر وقت میں حل کردیا۔ حسنین وارث کے مطابق گرفتار ملزمان میں بیٹے کے علاوہ سہیل مسیح، چشمان مسیح (مقتولہ کا بیٹا) اور روبن مسیح شامل ہیں۔

ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان کی والدہ انتقال کر گئیں

لاہور (این این آئی) ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان کی والدہ انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ آج (بروز ہفتہ) 3 اکتوبر کو دو پہر دو بجے ایچ الیون قبرستان، اسلام آباد میں ادا کی جائے گی، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان کی والدہ کے انتقال پر حکومتی، سیاسی، سماجی اور وکلا تنظیموں نے اظہار افسوس کیا ہے۔

Consulate General of Pakistan, Dubai
REWARDS

دبئی میں پاکستان کے قونصل جنرل، جناب حسین محمد، نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) کے نمائندوں کے ہمراہ ”پاسبان ریمیٹنس ریوارڈز اسکیم (PRRS)“ کے آغاز کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

پاکستان کی مدینہ منورہ میں پاور ڈسٹری بیوشن سٹیشن پر حوثی ملیشیا کے حملے کی مذمت

دنیا بھر کے لاکھوں مسلمانوں کیلئے گہری تشویش اور اضطراب کا باعث ہے حرمین شریفین کے تقدس اور نمازیوں وزائرین کی سلامتی کا ہر حال میں احترام کیا جانا چاہیے

مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کو بجلی فراہم کرنے والے انفراسٹرکچر پر قابل مذمت حملہ سنگین اشتعال انگیزی ہے، ایسے اقدامات کے فوری اور غیر مشروط خاتمے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ایک بار پھر مدینہ منورہ میں طیبہ پاور ڈسٹری بیوشن سٹیشن پر حوثی ملیشیا کی جانب سے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا ہے ۔ جمعہ کو ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کو بجلی فراہم کرنے والے انفراسٹرکچر پر قابل مذمت حملہ سنگین اشتعال انگیزی ہے اور دنیا بھر کے لاکھوں مسلمانوں (بقیہ نمبر 32)

سپارکو نے ورلڈ اسپیس ویک 2026 کا افتتاح کر دیا

پاکستان کے خلائی شعبے میں مسلسل پیش رفت جاری ہے، چیئرمین سپارکو محمد یوسف

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ورلڈ اسپیس ویک کی ہفتہ بھر جاری رہنے والی سرگرمیوں کا آغاز ہوگیا ہے، چیئرمین سپارکو محمد یوسف خان نے ورلڈ اسپیس ویک 2026 کا افتتاح کیا۔ چیئرمین سپارکو نے کہا کہ پاکستان کے خلائی شعبے میں مسلسل پیش رفت جاری ہے، پاکستانی خلاباز کو چینی خلائی اسٹیشن بھیجنے کی منصوبہ بندی جاری ہے، پاکستانی خلاباز چینی خلائی اسٹیشن پر پے لوڈ اسپیشلسٹ کے طور پر جائے گا ۔ مقامی طور پر تیار کردہ قمری (بقیہ نمبر 33)

ایچ ای سی نے ریسرچ ایوارڈز 2026-27 کا اعلان کر دیا

بہترین اشاعت کے ایوارڈ کے تحت 10 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائیگا

لاہور (این این آئی) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے ریسرچ ایوارڈز 2026-27 کا اعلان کر دیا، بہترین اشاعت کے ایوارڈ کے تحت 10 لاکھ روپے نقد انعام دیا جائے گا۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے پاکستان بھر کے محققین، اساتذہ اور اسکالرز سے اپنے باوقار ریسرچ ایوارڈز 202627 کے لیے باضابطہ درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ ان ایوارڈز کا بنیادی مقصد فکری و سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے محققین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ایچ ای سی (بقیہ نمبر 35)

حکومت، اپوزیشن مذاکرات، لانگ مارچ بھی جاری رکھنے کا اعلان

ہمیں بانی تحریکِ انصاف سے ملاقات اور مشاورت چاہیے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ مذاکرات حکومت کی خواہش پر شروع ہوئے ہیں، لانگ مارچ ضرور ہوگا اور مذاکرات کے ساتھ ساتھ جاری رہے گا، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہوئے، نمازِ جمعہ سے قبل پہلا سیشن ہوا جبکہ نماز کے بعد مذاکرات دوبارہ شروع ہوئے۔ اپوزیشن (بقیہ نمبر 36)

منشیات واسلحہ کے مقدمہ میں گرفتار شخص قتل کے مقدمہ کا بھی ملزم نکلا

راولپنڈی (این این آئی) منشیات و اسلحہ کے مقدمہ میں گرفتار شخص قتل کے مقدمہ کا بھی ملزم نکلا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے موثر تفتیش و کارروائی کرتے ہوئے منشیات واسلحہ کے مقدمہ میں گرفتار شخص قتل کے مقدمہ کا بھی ملزم نکلا، صدر بیرونی پولیس کی تفتیش کے دوران تھانہ روات کا اندھا قتل ٹریس، ملزم نے نومبر 2025 تھانہ (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، 7 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 7 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر کے 16 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ آر اے بازار، کلر سیداں، گوجر خان، چکلالہ، سول لائنز اور نصیر آباد کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

اسلام آباد پولیس نے شہر میں لگائے گئے کنٹینرز پر پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کر لی

پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کیساتھ اسلام آباد پولیس کا معاہدہ طے پا گیا' کنٹینرز پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت پولیس لے لے گی

پولیس محرم سمیت دیگر لاء اینڈ آرڈر صورتحال میں کنٹینرز استعمال کر سکے' بروقت ضرورت ٹرانسپورٹرز بھی کنٹینرز استعمال کرینگی، آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے شہر میں لگائے گئے کنٹینرز پر پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کر لی، پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز کے ساتھ اسلام آباد پولیس کا معاہدہ طے پا گیا۔ اسلام آباد میں دھرنے اور احتجاج تو معمول ہے اور ہر بار سکیورٹی کے لیے کنٹینرز کی دستیابی ایک بڑا مسئلہ رہی ہے، اب پولیس نے انوکھا اور مستقل حل تلاش کر لیا ہے۔ آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے کہا کہ کنٹینرز پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت پولیس لے لے گی، پولیس محرم سمیت دیگر لاء اینڈ آرڈر صورتحال میں کنٹینرز استعمال کر سکے گی۔ (بقیہ نمبر 37)

میانوالی، تہجد کیلئے مسجد جاتے بزرگ قتل، پولیس کی تفتیش جاری

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے علاقے چکڑالہ میں نماز تہجد کے لیے مسجد جاتے ہوئے ایک بزرگ کو نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر قتل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مقتول کی کسی سے دشمنی نہیں تھی جبکہ واقعہ کا مقدمہ نامعلوم افراد کے خلاف درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے شبہ کی بنیاد پر بعض افراد کو حراست میں لیا، جن میں سے کچھ کو بعد ازاں چھوڑ دیا گیا جبکہ بعض افراد تا حال تھانہ کی حوالات میں موجود ہیں۔ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویژن، بیرسٹر نبیل اے اعوان کو 47 ویں مڈ کیریئر کورسز کی پاسنگ آؤٹ تقریب کے دوران شرکاء کو اسناد پیش کر رہے ہیں

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

ڈی آئی جی اسلام آباد کا سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

انسداد دہشت گردی اقدامات، آپریشنز اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کر کے انسداد دہشت گردی اقدامات، آپریشنز اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں سی ٹی ڈی کے سینئر افسران نے انہیں انسداد (بقیہ نمبر 38)

موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

فائرنگ کے دوران ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ پیرودھائی کے علاقہ میں موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ پیرودھائی کے علاقہ میں موٹر سائیکل سوار 2 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، زیر حراست ملزم سے اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوا، گرفتار ملزم (بقیہ نمبر 39)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی ڈی ایس پی ویلفیئر اور ٹیم سے میٹنگ کر رہے ہیں

ون ویلنگ، غفلت لاپرواہی اور کم عمر ڈرائیونگ پر کارروائی

لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 18 ایف آئی آر درج، 2 ہزار 93 چالان

لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنیوالوں کی اطلاع ٹریفک پولیس کی ہیلپ لائن پر دیں

والدین کم عمر ڈرائیورز اور ون ویلنگ کی روک تھام کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے احکامات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کا ون ویلنگ، غفلت لاپرواہی اور کم عمر ڈرائیونگ پر کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، ون ویلنگ اور غفلت و لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 18 ایف آئی آر درج کرواتے ہوئے 2 ہزار 93 چالان کیے گئے۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے کہا ہے کہ ون ویلنگ اور غفلت لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنیوالوں کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کو اپناتے ہوئے باقاعدہ طور پر ایف آئی آر درج کروائی جا رہی (بقیہ نمبر 40)

واہ کینٹ غیر معیاری کھانے کی شکایت کا معاملہ

شکایت سامنے آنے پر نوٹس، کھانے کو فوراً تبدیل کر کے متعلقہ سٹاف سے جواب طلبی کی گئی

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ غیر معیاری کھانے کی شکایت کا معاملہ، شکایت سامنے آنے پر نوٹس لیتے ہوئے کھانے کو فوراً تبدیل کر کے متعلقہ سٹاف سے جواب طلبی کی گئی ۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ غیر معیاری کھانے کی شکایت کا معاملہ، شکایت سامنے آنے پر نوٹس لیتے ہوئے کھانے کو فوراً تبدیل کر کے متعلقہ سٹاف سے جواب طلبی کی گئی ہے، تیار کئے گئے کھانے کے معیار کو چیک کرنے کے لیے فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے افسران (بقیہ نمبر 41)

نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان سپورٹس سٹی میں پاک چین ہاکی میچ کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ریٹائرڈ ڈی ایس پی محمد اقبال احمد کی خدمات کو خراج تحسین پیش

آئی جی محمد سہیل چوہدری نے ریٹائرڈ پولیس آفیسر کو نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے ریٹائرڈ ہونے والے ڈی ایس پی محمد اقبال احمد کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ریٹائرڈ پولیس آفیسر کو نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کی جانب سے اسلام آباد پولیس کے مختلف ڈویژنز میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے سب انسپکٹر عبدالحمید کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

ایم سی ہال اٹک میں ڈینگی تدارک بارے اہم اجلاس

برساتی موسم میں ڈینگی کے پھیلا کے خدشات بڑھ جاتے ہیں، انیل سعید

اٹک (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز انیل سعید نے ایم سی ہال اٹک میں ڈینگی تدارک کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید نے کہا کہ برساتی موسم شروع ہو چکا ہے جس کے باعث ڈینگی کے پھیلا کے خدشات بڑھ جاتے ہیں، لہذا انسدادِ ڈینگی سرگرمیوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں اپنی سرگرمیاں مزید موثر (بقیہ نمبر 43)

سنجیدہ سوال کریں بیرسٹر گوہر نے صحافی کو جھاڑ دیا

بانی کی رہائی قومی مسئلہ ہے، ٹک ٹاک کیلئے استعمال نہ کریں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے صحافی کو جھاڑ پلا دی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر سے صحافی نے سوال کیا کہ آپ عمران خان کی رہائی سے صرف ملاقات تک آ گئے ہیں؟ جس پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی کی رہائی قومی مسئلہ ہے اسے ٹک ٹاک کیلئے استعمال نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی حل نہیں ہے۔ اس موقع پر اسد قیصر بھی صحافی سے الجھ پڑے اور بولے (بقیہ نمبر 44)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

کندھ کوٹ، چوری کا جھوٹا الزام اور مبینہ تشدد، بیوہ خاتون کا احتجاج

ہندو تاجر مہندر کمار کی جانب سے مندر سے سونے کا لاکٹ چوری کرنے کا بے بنیاد الزام لگا کر گھر بلایا گیا اور مبینہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا

65 سالہ بیوہ خاتون مورزادی شیخ کا مبینہ تشدد اور چوری کے جھوٹے الزام کے خلاف احتجاج، انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ کے گلشیر محلہ کی رہائشی 65 سالہ بیوہ خاتون مورزادی شیخ نے اپنے بیٹوں کے ہمراہ مبینہ طور پر چوری کے جھوٹے الزام اور تشدد کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔ احتجاج کے دوران متاثرہ خاتون اپنے بیٹے کے گلے لگ کر زاروقطار روتی رہی اور اپنی بے بسی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے معاملے کا نوٹس لینے کی درخواست کرتی رہی متاثرہ خاتون مورزادی شیخ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ وہ (بقیہ نمبر 45)

وفاقی وزیر برائے خزانہ ومحصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب وزارتِ خزانہ میں کنٹری ڈائریکٹر محترمہ بولورما امگابازار کی قیادت میں عالمی بینک کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ای فرد پورٹل اور ڈیجیٹل فیڈ بیک سسٹم کا اجرا

حکومت کی پہلی ترجیح عوام کو ان کی دہلیز پر شفاف اور تیز تر خدمات فراہم کرنا ہے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے صوبے میں لینڈ ریکارڈ کے نظام کو جدید بنانے کے لیے ای فرد پورٹل اور ڈیجیٹل پبلک فیڈ بیک سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی پہلی ترجیح عوام کو ان کی دہلیز پر شفاف اور تیز تر خدمات فراہم کرنا ہے تا کہ شہریوں کو ریونیو دفاتر کے بار بار چکر نہ لگانے (بقیہ نمبر 48)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور ایس پی سکیورٹی کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ اور ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ اور ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، سینئر افسران نے متعلقہ (بقیہ نمبر 49)

پشاور ہائیکورٹ کی سہیل آفریدی کے وکلا کو آخری وارننگ

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے ہری پور ضمنی الیکشن میں سرکاری افسران کے خلاف بیان دینے کے معاملے پر الیکشن کمیشن کے نوٹس کے خلاف سہیل آفریدی کی درخواست کی سماعت 7 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔ جسٹس ارشد علی اور جسٹس محمد فہیم ولی پر مشتمل بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار اور الیکشن کمیشن کے وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ سہیل آفریدی کے وکیل نے عدالت سے آج کی سماعت ملتوی (بقیہ نمبر 46)

گیس کنکشن کرتے ہوئے دھماکہ، مکان کا ایک حصہ منہدم، 4 افراد جاں بحق

کرک (این این آئی) خیبر پختونخوا میں کرک کے علاقے سپینہ میں گیس کنکشن کے کام کے دوران گھر میں دھماکہ ہو گیا، 4 افراد جاں بحق ہو گئے ۔ ریسکیو حکام کے مطابق گیس کے دھماکے سے عمارت کا ایک حصہ منہدم ہو گیا، دھماکے کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہو گئے، جنہیں مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق جاں بحق افراد میں دو خواتین اور دو بچے شامل ہیں، ایک خاتون اور بچی موقع پر جاں بحق ہو گئی، زخمیوں کی حالت تشویشناک ہونے (بقیہ نمبر 47)

امیر جماعت اسلامی کی طرح پی ٹی آئی قیادت کو فون کی ضرورت نہیں

رانا تنویر حسین

وزیر اعظم شہباز شریف نے خود چار مرتبہ براہ راست پی ٹی آئی کو ملک وقوم کی خاطر مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں

لگتا ہے پی ٹی آئی کے خمیر میں ہی مذاکرات کرنا شامل نہیں، وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی، ریسرچ اینڈ انڈسٹری کی پر گفتگو

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں پاکستان میں تعینات آسٹریلوی ہائی کمشنر مسٹر ٹموتھی کین کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی، ریسرچ اینڈ انڈسٹری رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کی طرح پی ٹی آئی قیادت کو فون کرنے کی ضرورت نہیں، پی ٹی آئی قیادت روزانہ اسمبلی میں ہمارے ساتھ بیٹھی ہوتی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف خود چار مرتبہ براہ راست پی ٹی آئی کو ملک وقوم کی خاطر مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، پی ٹی آئی کا ایجنڈا پاکستان اور اداروں کو کمزور کرنا ہے، لگتا ہے پی ٹی آئی کے خمیر میں ہی مذاکرات کرنا شامل نہیں۔ سٹی (بقیہ نمبر 50)

مذاکرات سے معاملات طے ہو سکتے ہیں، رانا ثنا اللہ

لانگ مارچ اور انتشار کسی مسئلے کا حل نہیں، مشیر وزیر اعظم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو لانگ مارچ کی کال واپس لینی چاہیے، لانگ مارچ اور انتشار کسی مسئلے کا حل نہیں، مذاکرات سے معاملات طے ہو سکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ جو معاملات عدالتوں میں زیرِ سماعت ہیں، ان کا فیصلہ عدالتوں نے کرنا ہے اور جو معاملات مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر طے ہو سکتے ہیں، ان پر بات ہونی چاہیے۔

محمد رضوان موبائل فون کے فرانزک تجزیے کے لیے پیش

لاہور (این این آئی) پاکستان کے وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان جمعہ کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں موبائل فون کے فرانزک معائنے اور تجزیے کے لیے پیش ہو گئے جو گزشتہ ماہ سے ادارے کی تحویل میں ہے۔ این سی سی آئی اے نے نوٹس کے ذریعے محمد رضوان سے تعاون کی درخواست کرتے ہوئے ان کے قبضے سے لیے گئے موبائل فون کا فرانزک معائنہ اور تجزیہ کرنے کا کہا تھا۔ انہیں (بقیہ نمبر 51)

گیس لیکیج سے دھماکا، بچی و خاتون جاں بحق، 10 افراد زخمی

گیس لیکیج سے ہوئے دھماکے سے گھر کی عمارت کو بھی شدید نقصان پہنچا

کرک (این این آئی) کرک میں گھر کے اندر گیس کی لیکیج سے ہوئے دھماکے میں بچی اور خاتون جاں بحق اور 10 افراد زخمی ہو گئے ۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق آلوڑگی بانڈہ کے علاقے میں گھر میں گیس لیکیج سے دھماکا ہو گیا، جس کے نتیجے میں ماں اور 2 سالہ بیٹی موقع پر جاں بحق ہو گئیں۔ ریسکیو ترجمان نے بتایا کہ دھماکے میں 10 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں، تمام زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

کراچی: عالمی یوم قلب کے موقع پر منعقدہ اسکریننگ کیمپوں کا طبی ماہرین دورہ کر رہے ہیں

پب جی کے دیئے گئے ٹاسک پر بینک ڈکیتی، گیمر گرفتار، رقم و ہتھیار برآمد

لاہور (این این آئی) جنوبی چھاؤنی کے علاقے بھٹہ چوک میں نجی بینک ڈکیتی کی واردات کا ڈراپ سین ہو گیا۔ پولیس نے واردات میں ملوث ڈاکو کو نجی سوسائٹی سے گرفتار کر لیا۔ ملزم کا اس سے قبل کوئی کریمنل ریکارڈ موجود نہیں اور اس نے پب جی گیم میں ملنے والے ٹاسک پر بینک ڈکیتی کی۔ پولیس کے مطابق بھٹہ چوک کے قریب دن دہاڑے کار میں سوار ایک شخص نجی بینک میں داخل ہوا، اسلحہ نکال کر سکیورٹی گارڈ کو یرغمال بنا لیا اور دوسرے (بقیہ نمبر 52)

KP میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر سنجیدگی سے غور کیا جا رہا ہے، طارق فضل

پاکستان پیپلز پارٹی اتحادی ہے اور جن معاملات پر شکایات ہیں، حکومت کا موقف ہے کہ ان پر بات کی جائے

27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کیلئے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ کیلئے حکومت تیار ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق وزرا نے بتایا ہے کہ معاملے پر سنجیدگی سے غور کیا جا رہا ہے، تاہم حتمی فیصلہ مشاورت کے بعد ہوگا، 27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ایمرجنسی کے نفاذ اور اس کے ممکنہ اثرات سے متعلق ورکنگ مکمل کی جا چکی ہے ۔ (بقیہ نمبر 53)

10 سالہ بچے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی

واقعے کے بعد زخمی بچے کو فوری طور پر سول ہسپتال منتقل کیا گیا

شکار پور (این این آئی) شکار پور کی عبداللہ کالونی میں پراپرٹی کے تنازع پر افسوس ناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں 10 سالہ بچے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی گئی جس کے نتیجے میں بچہ جھلس کر شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے بعد زخمی بچے کو فوری طور پر سول ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اسے ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد سکھر ریفر کر دیا گیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ متاثرہ بچے کے والد ایاز مہر کی مدعیت میں درج کر لیا ہے۔ متاثرہ بچے کے والد کے مطابق ملزم میرا مکان سستی قیمت پر خریدنے کے لیے انہیں مسلسل تنگ کر رہا تھا اسی تنازع کے دوران میرے 10 سالہ بیٹے پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگائی گئی۔ (بقیہ نمبر 54)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035